وہ اٹھ کر کمرے میں چلی گی۔

ہوس کے بوچاری۔ ۔۔۔۔۔ہوس کے پوجاری۔

۔۔۔۔۔وہ بمشکل خود کو گھسیٹتے ہوے کمرے میں پہنچی۔

بیڈ تک بمشکل پہنچتے ہوے لڑکھڑاتی بیڈ پر گری۔

اپنے کہے الفاظ ہی اسے پاگل کر رہے تھے۔

میر اک ہفتے کے لیے کہیں گیا ہوا تھا۔

اور اس کو چپ لگی ہوئی تھی۔

ماما پاپا ملک سے باہر گے ہوے تھے۔

بھابھی اپنے میکے گی تھی۔

برہان اور بی جان اسے لینے جا رہے تھے۔

وہ ٹی وی لاونج میں بیٹھی تھی۔

بی جان اک بار پھر سوچ لیں"۔ برہان نے کہا۔ "

بی جان اور عریشہ نے اس کی طرف دیکھا۔

دیکھے نہ کتنا سکون ہے۔۔کچھ دن اور رہنے دے"۔ "

" بی جان نے گھورا۔

کسی نے سچ ہی کہا ہے اپنے ہی اپنوں کے دشمن ہوتے ہیں۔ میری آزادی کسی سے ہضم نہیں ہو رہی"

۔برہان نے منہ بسورتے کہا۔"

بی جان نے کان پکڑ لیا۔

وہ چلا اٹھا۔

عریشہ کا قہقہ ابل پڑا۔

یہ منسخرا پن چھوڑ دو"۔ "

ہاے پہلے کان تو چھوڑے"۔ "

اس نے دوہائی دیتے کہا تھا۔

وہ دونوں روانہ ہوے تو وہ بے دلی سے ٹی وی بند کر کے اوپر چلی گی۔

دو گھنٹے ہو گے تھے ان کو گے ہوے ابھی تک نہیں آے تھے

اس کا فون بجا تو اس نے اٹھایا۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

برہان تھا۔

اس نے بتایا زوباریہ کے والد کی طبیعت خراب ہے وہ ہوسپٹل لے کر آے ہیں

جیسے ہی انک طبیعت سنبھلی وہ لوگ گھر آ جاے گے۔

اس نے ماما کا نمبر ملایا پر انہوں نے کال ریسیو نہیں کی تھی۔

گیارہ بج گے تھے ۔

اس کو بے چینی محسوس ہو رہی تھی۔

میر کا نمبر نکالا شش و پنج میں تھی ملاے کہ نہیں۔۔۔۔۔۔یکدم لائیٹ بند ہو گی تھی۔اندھیرا چھا گیا

اس کا دل ہول رہا تھا۔اس نے کانپتے ہاتھوں سے میر کا نمبر ڈائل کیا۔ پورا کمرا گولیوں کی تڑ تڑ سے گونجنے لگ گیا۔ میر نے ہنی کے نمبر سے کال آتے دیکھ کر آنکھیں پھیلائی تھیں۔ پھر کچھ سوچتے کال پک کر لی۔

اس کے چہرے کا یکلخت رنگ بدلا تھا۔

آ۔۔۔۔۔آاااااا۔۔۔۔م۔۔۔۔۔۔م۔۔۔۔۔۔۔۔میر۔۔۔۔۔۔اس کی چینخیں اسکی جان نکال گی تھی۔

ہنی۔۔۔۔ک۔۔۔۔کون۔۔۔۔۔۔ہے۔۔۔۔۔۔۔ کہاں ہو؟

اور پھر اک دم موت کا سا سناٹا چھا گیا تھا۔

🎈🎈🎈🎈🎈

ہانیہ کی فرینڈ نے پارٹی رکھی تھی

اور اسکو انوائیٹ کیا تھا۔

اسکا موڈ نہیں تھا پر فرینڈز بار بار کال کر رہی تھیں۔

بے دلی سے اٹھی۔

بلو کلر کا گاون جو کہ پاوں کو چھو رہا تھا زیب تن گیا۔

گلے اور دامن پر گولڈن سٹون سے بہت خوبصورت کام ہوا تھا۔

بالوں کا اس نے جوڑا بنا دیا۔

اک لٹ چہرے پر جھول رہی تھی۔

ریڈ کلر کی لیپ سٹک لگائی۔

نیچرل میک اپ کیا۔

پینسل ہیل پہنے وہ ڈوبٹہ کندھے پر ڈالے اک کلائی پر نفیس سی گھڑی پہنے۔

دوسرے میں کلچ پکڑے مما سے اجازت لے کر نکلی تھی۔

پارٹی کیسی ہوٹل میں تھی۔اس نے انویٹیشن کارڈ کے لیے پورا کلچ چیک کر لیا نہیں ملا۔اوپر سے سونے پر سوھاگہ فون بھی گھر ہی رہ گیا تھا۔

انویٹیشن کے بنا اندر نہیں جا پا رہی تھی۔

اس نے ادھر ادھر نظر گھمائی۔

یکدم نظر شاہ پر پڑی۔

اس نے ہاتھ ہلایا۔

وہ بھی سامنے ہی دیکھ رہا تھا۔

اس نے پاس آنے کا اشارہ کیا۔

شاہ اس کے پاس آیا۔

ہیلو۔۔۔اس نے مسکرا کر کہا۔

ہیلو۔۔۔۔شاہ نے جوابا کہا تھا۔

م۔۔۔مجھے اک چھوٹی سی فیور چاہیے"۔

اس نے کہا تھا۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

جی فرمایئے"۔شاہ نے ہاتھ باندھتے کہا تھا۔"میری فرینڈ کی پارٹی ہے ادھر۔میرا انویٹیشن کارڈ گھر رہ گیا" ہے۔اور فون بھی گھر ہی چھوڑ آئی ہوں۔کیا مجھے اپنے ساتھ اندر لے جاے گے؟؟؟"اس نے بلو آئیز کو اٹھا کر کہا تھا۔شاہ تو اس کی آنکھوں میں ہی کھو گیا تھا۔اتنی خوبصورت۔۔۔۔۔۔۔اس سمے وہ بہت معصوم بھولی بھالی لگ رہی تھی۔بلکہ معصومیت کے ریکارڈ توڑ رہی تھی۔دل کھینچتا ہوا محسوس ہو رہا تھا۔پھر خود کو سنبھالتے شاہ اس کی طرف متوجہ ہوا۔

ریکویسٹ کرو پہلے۔۔۔۔شاہ نے مسکراتے کہا تھا۔اس نے آنکھیں پھیلائی۔۔۔

پھر مرتا کیا نہ کرتا۔۔۔۔اس کی بات تو مانی تھی۔

پلیز ہیلپ می۔۔۔۔۔اس نے سرخ چہرے کے ساتھ کہا تھا۔"

شاہ نے اسے اپنی مسسز بنا کر متعارف کروایا۔وہ دھنگ رہ گی۔

خیر اپنی دوستوں سے ملی۔

شاہ اس کے پاس آیا۔

اس کا ہاتھ پکڑ کر تھاما۔

اس نے ہاتھ چھڑوانا چاہا۔

کیا بتمیزی ہے وہ آہستہ سے غرائی"۔"

مسسز ہو توہاتھ تو پکڑ ہی سکتا ہوں"۔"

اک ذرا سی ہیلپ کیا کر دی آپ تو سچ مچ کے ہزبینڈ ہی بننے لگ گے۔اپنی حد میں رہے"۔"

اس نے تنفر سے کہا تھا۔

ہاتھ چھڑوا لیا تھا۔

"میں تو تم کو پروٹیکٹ کر رہا تھا۔وہ جو سامنے لڑکے کھڑے ہے ان سے۔ جاو۔۔۔"

اس نے سر جھٹکا۔

وہ سامنے کھڑی دوست کے پاس چلی گی۔۔پارٹی ختم ہوئی تو وہ ہوٹل سے نکل آئی

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

تاکہ کوئی ٹیکسی پکڑ سکے۔

تین لڑکے اس کے پاس آ کر کھڑے ہو گے۔

ہاے بیوٹیفل گرل۔۔۔۔اک نے ببل چباتے کہا تھا اس نے اگنور کر دیا۔

دوسرا پاس آ کر کھڑا ہوا اس نے ہاتھ پکڑ لیا۔

میرا ہاتھ چھوڑو۔۔۔۔اس نے چلا تے کہا تھا۔

وہ جبثت سے مسکرایا تھا۔

اس نے دوسرے ہاتھ سے اسے تھپڑ دے مارا تھا اک ٹانگ رسید کی تو نیچے بٹھتا چلا گیا۔دوسرے دونوں غصے سے آگے آے تھے۔اس سے پہلے کہ اسے پکڑتے

اک دم انکے درمیان کوئی آیا تھا۔۔۔شاہ نے دونوں کے چہروں پر اک اک مکا رسید کیا تھا۔وہ دور ہوے

۔پھر شاہ نے انکو اچھی طرح دھویا تھا۔وہ تینوں لڑکھڑاتے بھاگ گے۔چلو۔۔۔اس نے غصے سے کہا تھا۔

وہ بھی۔۔۔چپ چاپ اس کے پیچھے آئی

پھر اس نے ایڈریس پوچھا تھا۔

ہانیہ نے بتایا تھا۔

ساتھ میں اپنا نام بھی بتایا تھا۔

انکا گھر آیا تو وہ اترنے لگی۔

آج کے بعد اس طرح کی ڈریسنگ مت کرنا۔۔۔۔۔اس نے غصے سے کہا۔

وہ اتری تو وہ تیزی سے گاڑی آگے بڑھا لے گیا۔وہ سن رہ گی تاے

عریشہ۔۔۔۔۔۔۔بولو۔۔۔۔۔"لیکن سامنے ہنواز خاموشی چھائی ہوئی تھی"

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

اس کی آواز بند ہو چکی تھی۔

میر کو لگ رہا تھا اس کی زندگی ہاتھوں سے پھسل گی ہو

میر نے تیزی سے فون پر کیمرا آن کیا جو کہ اس نے بریسلیٹ میں سیٹ کیا تھا۔

وہ کمرے میں ہی تھی۔

وہ جو ائیر پورٹ سے گھر جا رہا تھا۔برہان کے بتانے پر اسکے سسر کو دیکھنے ہوسپٹل میں آیا تھا۔

برہان کو دھکا دیتے بجلی کی تیزی سے گاڑی میں پہنچا تھا۔

برہان بھی اس کے پیچھے بھاگا تھا۔

میر کی سوچنے سمجھنے کی صلاحیت مفقود ہو چکی تھی

بہت سے لوگ حرکت میں آے تھے۔

اس نے گاڑی میں بیٹھتے سارے ریکارڈ توڑ دیے

اس کے چہرے پر بکھری تکلیف اوراذیت برہان

بھی دیکھ کر پریشان ہوا تھا۔

گارڈ دروازے کے باہر کھڑے تھے۔

اس نے دروازے کو زور دار دھکا مارا دروازہ کھل گیا تھا۔

وہ جو بیڈ کے پاس اوندھے منہ بے حس و حرکت پڑی تھی۔

میر نے پاس بیٹھتے کانپتے ہاتھوں سے سیدھا کیا تھا۔

وہ ہزیانی انداز میں چلائی تھی۔

"ن۔نن۔۔نہیں۔دور رہو۔۔۔۔"

میر کی رکی سانس بحال ہوئی تھی برہان نے بھی پر سکون سانس لیا تھا ۔

ششش۔۔۔""ہنی۔۔۔دیکھو میں ہوں۔وہ میر کی آواز سنتے ہی ضبط کھو بیٹھی تھی۔"

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

میر نے اسے خود میں سمیٹ لیا تھا۔

میر کے آنسو بھی اسکے بالوں میں جذب ہو رہے تھے۔

کہاں چل۔۔۔۔۔چلے گے۔۔۔۔۔۔تھے۔۔۔۔۔ ۔۔وہ۔۔۔گولیاں۔۔۔۔۔۔۔میں۔۔۔۔مر رہی
تھی۔۔۔۔ آپ کو پکار رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔"وہ روتی ہوئی اس کی بانہوں میں جھول گی۔وہ
برہان کو اشارہ کرتے اسے لیے گاڑی کی طرف بھاگا

سپشل آفیسر کی ٹیم گھر پہنچ چکی تھی۔

اسکا نروس بریک ڈاون ہوا تھا۔

میر دروازہ کھول کر کمرے میں آیا۔

تو وہ زرد رنگت میں ڈریس اور نالیوں میں جھگڑی ہوئی بے ہوش پڑی تھی۔

ماتھے پر بینڈیج تھی ۔

بازوں اور پاوں پر بھی کانچ چپ گے تھے۔

اس نے جھک کر اس کی پیشانی چومی۔

وہ ہوش میں آئی تو اک دم اٹھ بیٹھی۔

سب کمرے میں موجود تھے۔

دونوں کے مما پاپا۔برہان ،بھابی بی جان۔

لیکن جس کو وہ دیکھنا چاہ رہی تھی وہ نہیں تھا۔

عریشہ تم نے تو ہمارا تڑاااااا ہی نکال دیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔"

برہان نے کہا

سب ہنس پڑے تھے۔

"اٹینشن حاصل کرنا کا اچھا طریقہ ہے۔۔۔۔۔۔"

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

برہان نے کہا تھا۔

بی جان۔۔۔۔۔اس کو سمجھا لیں"۔عریشہ نے منہ بسورتے کہا تھا"

برہان۔۔۔۔۔بی جان نے خشمگیں نظروں سے گھور کر کہا۔"

ڈاکٹر چیک اپ کرنے آ گی۔

اس نے بتایا کہ وہ شام تک ڈسچارج کر دے گے۔ماما اور برہان رک گے باقی سب گھر چلے گے۔

وہ میڈیسن کے زیرِ اثر سو گی تھی۔۔

شام کو بھی وہ منتظر ہی رہی۔لیکن وہ نہیں آیا تھا۔

گھر آکر سب ٹی وی لاونج میں بیٹھے تھے۔

وہ سب چاے پی رہے تھے

وہ بلیک پینٹ شرٹ اوپر ویسٹ پہنے ہاتھ میں کوٹ پکڑے تھکا تھکا سا آیا تھا۔

"السلام و علیکم "

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

وہ سلام کرتا اس کے پہلو میں آ بیٹھا۔

اس کا دل زور سے دھڑکا تھا۔

"کیسی ہو؟"

اس نے سرگوشی کی تھی۔

" بڑی جلدی یاد آیا"

وہ ہلکا سا بڑبڑائی۔۔

برہان نے انکے پیچھے جھک کر سنا۔

یہ بیوی ٹائپ جو مخلوق ہوتی ہے یہ کبھی خوش نہیں ہوتی۔ساری رات آپکے پہلو میں تھے پھر بھی گلے"

دور نہیں ہوے"۔

برہان نے کہا تھا

میر نے ہاتھ بڑھا کر اس کی گردن دبوچی وہ بلبلا اٹھا۔

”بھلائی کو تو زمانہ ہی نہیں۔میں تو آپ کی سائیڈ کلیر کر رہا تھا۔ “

اس نے کھانستے ہوے کہا تھا۔

”برہان بس کر دو۔ میر جاو تم بھی آرام کرو عریشہ کو بھی لے جاو۔ “

بی جان نے کہا

عریشہ کا چہرا سرخ پڑا تھا۔

اس نے میر کی طرف ملتجائی نظروں سے دیکھا۔

بھا بھی مجھ اک ضروری کال کر نی ہے آپ پلیز روم تک چھوڑ دے “اس نے اس کی جھجک سمجھتے کہا “ تھا۔

زویا اٹھ کر پاس آئی۔ وہ ان کا سہارا لیتے کھڑی ہوئی۔

اسکے پاوں کا زخم گہرا تھا

اس کے چہرے پر تکلیف کے آثار واضح ہو رہے تھے۔

بمشکل کمرے میں پہنچی صوفے کے پاس پہنچتے وہ رکی

م۔۔۔میں تھوڑی دیر بیٹھنا چاہتی ہوں”۔ بھابھی جو اسے لیے بیڈ تک لی کر جانا چاہتی تھی عریشہ نے “ کہا۔

انہوں نے گردن ہلائی۔

کچھ چاہیے ہو تو کال کرلینا۔

تھنکیو بھابھی”۔“

اس نے بمشکل مسکراتے کہا تھا۔

وہ صوفے پر ٹیک لگاے آنکھیں موند کر بیٹھ گی۔

گزری رات اس کی آنکھوں کے سامنے گھومنے لگی۔

میر نے کمرے میں آکر دروازہ بند کیا تو اس کے حلق سے چینخ نکل گی۔

کیا ہوا؟میں ہو ں "۔وہ تیزی سے اس کی جانب آیا۔"

وہ تیزی سے اٹھتی اس کے سینے سے جا لگی۔اس نے بازوں کا مضبوط حصار فراہم کرتے اس کے بالوں پر بوسہ دیا۔

م۔۔۔مجھے۔۔۔۔بہت۔۔۔۔۔ڈر۔۔۔۔۔لگ

۔۔رہا۔ہے۔۔۔۔۔۔گولیوں۔۔۔۔۔کی۔آواز۔۔۔۔۔۔آپ۔۔۔۔۔مجھے۔۔۔۔۔۔کبھی۔۔۔۔بھی۔۔۔۔۔اکیلا

ن۔۔۔۔نہ۔۔۔۔۔۔نہیں۔۔۔۔۔چھوڑ کر ۔۔۔۔۔جاے گے۔۔۔۔۔۔وعدہ ۔۔۔کرے۔۔۔۔۔۔

اس نے شدت سے روتے کہا تھا

"ریلکس۔۔۔۔۔۔ہنی۔۔۔۔۔۔کچھ نہیں ہو گا۔میں ۔۔۔تمہارے ساتھ ہی تو ہوں۔۔۔۔۔۔"

اس نے دھیرے سے دور کیا

لیکن وہ اور شدت سے رو دی تھی۔

اس کی شرٹ کو مٹھیوں میں جھگڑ لیا تھا۔

اسے ساتھ لگاے بیڈ تک لایا تھا۔

سائیڈ ٹیبل سے پانی کا گلاس اٹھا کر اس کے لبوں سے لگایا۔

اس نے پی لیا۔

گلاس واپس رکھتے اس کو لٹاتے خود بھی لیٹ گیا۔

"مجھے بھی پیاس لگی ہے"

میر نے اسکی طرف دیکھتے کہا جو خوف زدہ تھی

اس نے چونک کر نا سمجھی سے دیکھا۔

میر اس پر جھکا۔

اس کو لگ رہا تھا اس کی سانس بند ہو جاے گی۔میر نے محسوس کیا کہ اس کی سانس اکھڑ رہی ہے۔

وہ پیچھے ہٹتا اسے اپنے ساتھ لگا گیا۔

❤❤❤❤❤❤

ہانیہ ساری رات سو نہیں پائی تھی۔

شاہ بھی حیران تھا کہ کیوں اس کو ہانیہ پر غصہ آیا تھا۔

فریش ہو کر لیٹا تو اس اس کی آنکھیں یاد آ گی۔

لب مسکرا اٹھے تھے۔

ہانیہ اگلے دن اٹھی۔

کب بورڈ سے ڈریس نکلنے کے لیے ہاتھ بڑھایا۔

تو شاہ کا رات کا رویہ یاد آ گیا۔

اس نے گھٹنوں تک آتی شرٹ اور ٹروازر نکلا فریش ہونے چلی گی

ناشتہ مما کے ساتھ کیا۔

پاپا بزنس ٹور پر گے ہوے تھے۔

وہ یونیورسٹی چلی گی۔

ادھر اس کو عجیب سی بے چینی ہو رہی تھی۔واپس آکر بیل دی ۔

تو کیسی نے دروازہ نہ کھولا دو تین منٹ ویٹ کرنے کے بعد وہ اس نے بیک سے کی نکالی۔

لاک کھول کر

گھر میں داخل ہوئی۔

"مما۔۔۔۔۔"اس نے آواز دی"۔۔۔۔۔۔مما۔۔۔۔۔۔"

لیکن جواب نہ پا کر اس نے سوچا کہ کہیں باہر گی ہوں گیں۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

چیزیں صوفے پر رکھ کر وہ پانی پینے کے لیے کچن میں آگی۔

کچن میں داخل ہوتے ہی اس کے پاوں تلے سے زمین نکل گی۔

مما بے ہوش پڑی تھی۔

وہ بجلی کی سی تیزی سے ان تک پہنچی۔

مما۔۔۔کیا ہوا۔۔۔مما اٹھے۔۔۔۔۔اس نے ان کا چہرا تھپتھپایا"۔

پھر تیزی سے ایمبولیس کو کال کی۔۔۔

وہ کوریڈور میں کھڑی تھی۔

اسکی مما کو وہ لوگ آئی سی یو میں لے کر گے تھے۔آنسو بہاتے دعا مانگ رہی تھی۔

کچھ دیر کے بعد ڈاکٹر باہر آیا۔

"ڈاکٹر میری مما کیسی ہے۔۔۔؟"

اس نے روتے ہوے نظریں اٹھائی تھی۔

پریشانی کی کوئی بات نہیں وہ ٹھیک ہے"۔

میر نے بغور اسے دیکھا۔

وہ کل کی نسبت اچھے ڈریس میں تھی سرخ ناک۔۔۔۔نیلی آنکھیں لبالب پانی سے بھری بکھری ہوئی حالت۔۔۔۔اس کے دل کو کچھ ہوا تھا۔

اس کا دل کیا اس کو خود میں سما لے۔

"میرے کیبن میں آے۔۔۔۔۔۔"

وہ کہتا کیبن کی طرف چلا آیا۔

وہ بھی نا سمجھی سے اس کے پیچھے چل دی۔وہ سیٹ سنبھال چکا تھا۔

وہ ہاتھوں کی انگلیاں مڑورتی جا کر کھڑی ہوئی۔

بیٹھے۔۔۔"شاہ نے کہا۔"

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

وہ سامنے کی کرسی پر بیٹھ گی۔

اس نے پانی کا گلاس سامنے رکھا۔۔۔۔

ہانیہ نے اٹھا کر اک ہی سانس میں پی لیا۔

"آپ کی فیملی میں اور کون ہے؟"

شاہ نے پوچھا تھا۔

"میں اور میرے مما پاپا۔۔۔۔۔"

تو آپ کے فادر کدھر ہے؟"۔"

میر نے پوچھا

وہ آوٹ آف کنٹری گے ہوے ہے۔۔۔کیوں ک۔۔۔کوئی مسلہ ہے؟"اس نے پریشانی سے پوچھا"

پریشانی والی کوئی بات نہیں۔۔۔تھوڑی دیر تک انکو کمرے میں شفٹ کر دے گے۔۔۔"شاہ نے اس کو"

"دیکھتے کہا تھا۔یہ رہا میرا کنٹکٹ نمبر جب بھی ضرورت پڑے بلا جھجھک ۔۔۔کال کر لیجیئے گا۔۔۔

شاہ نے کارڈ اس کی طرف بڑھایا

اس نے تھینکس کہا اور باہر نکل آئی۔

اہانہ بیگم کو ہوش آئی تو وہ انکا ہاتھ پکڑے پاس ہی بیٹھی ہوئی تھی۔

اہانہ بیگم دھیرے سے مسکرائی۔

"مما اب کیسی طبیعت ہے؟"

اس نے انکا ہاتھ پکڑتے پوچھا تھا۔

پھر کچھ دیر کے بعد وہ انکو گھر لے آئی۔

اگلے دن شام میں وہ پارک میں بیٹھی ہوئی تھی

۔اس نے اک طرف دیکھا دو لڑکیاں شاید سسٹرز تھیں انکی آپس میں نوک جھونک چل رہی تھی۔

اس کی آنکھوں میں پانی آگیا۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

شاہ اسی کا دیدار کرنے آیا تھا۔

وہ سامنے بیٹھی دکھائی دی۔

ویسے۔۔۔ آپ رو رو کر تھکتی نہیں ؟"شاہ نے پاس بیٹھتے کہا تھا۔"

"آپ کو اس سے کیا؟"

اس نے آنسو صاف کرتے جواب دیا۔۔"کیا کوئی چھوڑ کر چلا گیا؟یاں پھر کیسی نے دھوکا دے دیا۔۔۔۔؟"

شاہ نے بات کو طول دینی چاہی۔۔۔۔۔

اس کے علاوہ بھی زندگی میں بہت سے دکھ ہوتے ہے اس نے تپ کر کہا"۔"

"اچھا۔۔۔۔۔۔۔جیسے۔۔۔۔؟؟"

شاہ نے ابرو اچکا کر پوچھا تھا۔

جیسے آپ کا کوئی بھائی بہن ہو۔۔۔۔یاں آپ کے کزن ,ریلیٹیو۔۔۔ہوں ۔۔۔جن کے ساتھ آپ ہنسی مزاق کر سکے۔۔۔۔۔۔لڑ سکیں۔۔۔۔۔اپنی بات ۔۔۔۔منوا سکیں ۔۔۔۔اپنے لاڈ اٹھوا سکیں۔۔۔۔۔گفٹ لے سکے۔۔۔۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

شاہ نے سر کھجاتے اسے دیکھا۔

"یہ تو بہت بڑا مسلہ ہے۔۔لیکن اس کا حل تو نکالنا پڑے گا۔۔۔چلو کل ملتے ہے۔۔۔"

وہ ٹائم دیکھتا اٹھ کھڑا ہوا۔

اگلے دن اسی ٹائم وہ آیا تھا۔

وہ اداس سی بیٹھی ہوئی تھی۔

کیا ہو رہا ہے شاہ نے پاس ُکر کہا۔"

تو اس نے چونک کر اسکی طرف دیکھا۔

”کچھ۔۔۔۔نہیں۔۔۔۔“

اس نے آرام سے کہا تھا۔

چلو آئس کریم کھانے چلتے ہے۔“

۔شاہ نے کہا تھا۔

”وہ کس خوشی میں ہانیہ نے گھورتے کہا تھا۔”ہماری فرینڈ شیپ کی خوشی میں۔۔۔۔“

شاہ نے کہا تھا۔”اور یہ کب ہوا؟”ہانیہ نے آنکھیں مٹکا کر پوچھا۔”ابھی ابھی آپ کو نہیں معلوم؟”شاہ ہنس د

”ہنی۔۔۔۔اٹھ جاو۔۔۔۔“

میر نے اس کے اوپر جھکے جکایا۔

عریشہ نے سوے سوے ہاتھ بڑھا کر اس کو خود میں بھینچ لیا۔

اس کی عادت تھی کمبل کو خود میں بھینچ کر سونے کی۔

میر نے گرم دہکتے لب اس کی گردن پر رکھے تو اس نے پٹ سے آنکھیں کھولی۔

میر۔۔۔۔۔۔۔۔چھوڑے۔۔۔۔۔۔اس نے کندھوں کو زور سے دبایا۔

وہ روہانسی ہو گی۔

دروازے پر دستک ہوئی تو وہ مسکراتا پیچھے ہو گیا۔

اس نے بیٹھتے ہوے ڈوبٹہ اٹھا کر اوڑا۔

بھابھی مسکراتی اندر آئی رخسار سرخی جھلکا رہے تھے۔

عریشہ تم کیوں سرخ انار بنی ہوئی ہو؟۔

بھابھی نے آنکھوں میں شرارت لیے پوچھا۔برہان

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

بھی پیچھے آیا۔

”زویا ڈیئر میر کو سرخ انار بہت پسند ہے ۔“

وہ شرماتے رخ موڑ گی۔

میر نے لب بھینچتے کہا

اور مجھے ہڈیاں توڑنے کا بھی بہت شوق ہے“۔سب کا قہقہ بے ساختہ تھا۔“

میں یہ پوچھنے آئی تھی کہ آپ لوگ ناشتہ کمرے میں ہی کرے گے ادھر ہی بھیج دوں“۔“

زویا نے پوچھا

جی بھابھی ادھر ہی بھیج دے“۔“

ناشتہ کرنے کے بعد میر سٹڈی روم میں چلا گیا۔باقی سب کمرے میں آکر بیٹھ گے۔

اس کا ڈوبٹہ یکدم سر سے ڈھلک گیا۔

اس نے پھرتی سے ڈوبٹہ سیٹ کیا۔

زویا کی نظر اس کی گردن پر بنے نشانوں پر پڑ گی۔

لگتا ہے آج میرے دیور کو ترسا کر ہی رکھا ہے“۔زویا نے سرگوشی کی“

اس نے چہرا دونوں ہاتھوں سے ڈھانپ لیا۔

شام کے وقت وہ ٹی وی دیکھتے دیکھتے بور ہو گی تھی۔

اس نے ریموٹ پٹخا تھا۔

میر جو کال سن رہا تھا اس کی نظروں سے اس کی یہ حرکت مخفی نہ رہ سکی۔

اس نے کال ڈراپ کی۔

آو باہر چلتے ہیں میر نے ہاتھ بڑھایا۔

اس کے سہارے چلتی باہر آ گی۔

باہر لان میں آکر اس نے آنکھیں بند کر کے لمبی سانس لی۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

لب مسکرا اٹھے۔

اس کے فون پر میسج آیا۔

تو دیکھتے ہوے اس کی چہرے کی رنگت بدلی تھی

آنکھوں میں نمی آ گی۔

"کیا ہوا ؟"

میر نے کندھے پر ہاتھ رکھتے پوچھا تھا۔

اس نے تیزی سے فون سائیڈ پر کیا۔

ک ---ک---کچھ بھی نہیں"۔ "

اس نے اٹکتے کہا۔

وہ دونوں ساتھ چلتے اندر آ رہے تھے۔

یکدم اس کو اتنے زور سے چکر آیا

ہر چیز گھومتی ہوئی محسوس ہوئی اس نے اک ہاتھ سر پر رکھے

میر کو پکڑنا چاہا میر کی شرٹ پیچھے سے اس نے دبوچی۔

اس نے مڑکر دیکھا۔

تیزی سے اس کو تھاما۔

ہنی کیا ہوا اس کے اوپر پریشانی سے جھکا پوچھ رہا تھے

"م---میرا ----سر---"

اتنا کہتے وہ اس کے بازوں میں جھول گی۔

او مائی گڈ نس-----یہ میری آنکھوں نے کیا دیکھ لیا"۔ "

میر میں بھی رومینس کی خس پائی جاتی ہے"۔برہان نے اس کو اس کے اوپر جھکے دیکھ کر کہا۔

برہان پانی لاو"۔ "

اس نے کہا تھا۔

اس نے اس کو اٹھا کر لایا صوفے پر لٹایا۔

سب لاونج میں آ گے تھے۔

اس نے پانی کے چھینٹے اس کے منہ پر مارا تو کچھ دیر بعد اس نے آنکھیں وا کی۔

"سب کو دیکھ کر اٹھ کر بیٹھ گی۔"ٹھیک ہو ؟کیا ہوا تھا؟

زویا نے پوچھا۔

ملازمہ جوس لے آئی اس نے لے لیا۔

میر بھائی۔۔۔۔پارٹی دینے کی تیاری کرے مجھے لگتا ہے کوئی گڈ نیوز ہے"۔

زویا نے شرارت سے کہا۔

عریشہ جو جوس پی رہی تھی اس کو اچھوکا لگ گیا۔

میر مسکرا کر رہ گیا۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

بیٹا صبح بینڈیج چینج کروانے جانا ہے تو چیک اپ بھی کروا آنا"۔"

بی جان نے کہا تھا۔

وہ اپنے لب کاٹ رہی تھی۔

ڈنر کرنے کے بعد وہ آ کر لیٹ گی۔

میر سٹڈی روم میں چلا گیا۔

کام کرتے اسے وقت کا پتہ ہی نہ چلا۔

کلائی پر بندھی گھڑی پر دھیان گیا

تو ایک بج رہا تھا۔اس نے چیزیں سمیٹی۔

کمرے میں آکر نائٹ ڈریس لیا چینج کرنے کے بعد آکر لیٹا

اس کی طرف ہاتھ بڑھانے لگا تو اس کے سسکنے کی آواز آئی

اس نے چہرے سے کمبل ہٹایا۔

اس نے جلدی سے آنکھوں پر بازو رکھ لیا۔

میر نے بازو پیچھے کیا

تو دیکھ کر دھک رہ گیا۔

سوجے پپوٹے سرخ ناک بکھرے بال۔

اس نے بیٹھتے ہوے اسے بھی پکڑ کر بٹھایا۔

وہ بیٹھتی ہوئی لب کاٹنے لگی

آنسو روکنے کی ناکام کوشش کر رہی تھی

اس نے ہاتھ بڑھا کر اسے ساتھ لگایا

وہ شرٹ کو پکڑے اس کے سینے سے لگی پھوٹ پھوٹ کر رونے لگی ۔

وہ پریشان ہو گیا۔

کچھ دیر کے بعد میر نے دھیرے سے الگ گیا

اس کے چہرے پر بکھرے بالوں کو نرمی سے کان کے پیچھے اڑاسا۔

اس کی پیشانی چومی۔

کیا ہوا ہے؟ اس نے نرمی سے پوچھا۔"

وہ آنسو بہاتے پھر ساتھ لگ گی۔

ہنی بتاو تو سہی کون سی بات پریشان کر رہی ہے۔"

"نہیں تو میں سختی سے پیش آوں گا۔

اس نے ڈپٹتے ہوے کہا

و۔۔وہ۔۔۔۔۔نیچے ۔۔۔بھابھی۔۔۔جو ۔۔۔بول رہی۔۔۔ تھی۔۔۔۔۔کہ“

”۔۔۔۔میں۔۔۔۔۔۔پر۔۔۔۔۔۔

اتنا بول کر پھر سے رونے لگی۔۔۔۔۔۔

ہاں بولو۔۔۔۔۔۔۔”اس نے بالوں پر بوسہ دیتے کہا۔“

گڈ ۔۔۔۔نیوز ۔۔۔کیسے ہو ۔۔۔سکتی۔۔۔۔۔۔ہے۔۔۔۔۔ج۔۔۔۔جب۔۔۔کہ“

”ہمارے۔۔۔۔۔درمیان۔۔۔۔۔ایسا کچھ ۔۔۔ہوا ہی نہیں۔۔۔۔۔۔

اس نے بات ختم کرتے اس کی طرف سر اٹھا کر دیکھا۔

اچھاااااا“

لیکن جہاں تک مجھے یاد پڑتا ہے شادی کی اگلی صبح تو ہماری اسی بات پر لڑائی ہوئی تھی نہ کہ ہمارے

”درمیان کچھ ہو چکا ہے

میر نے حیران ہوتے کہا تھا۔

”مجھے۔۔۔معلوم ہے آپ اس رات گھر نہیں تھے۔“

اسنے سر جھکائے کہا تھا۔

اچھا تو رونا کس بات پے آ رہا ہے۔۔۔کچھ نہ ہونے پر یاں۔۔۔۔گڈ نیوز۔۔۔۔نہ“

”ہونے۔۔۔۔پر۔۔۔۔۔؟

میر نے معنی خیزی سے اس کے کان میں سرگوشی کی۔۔۔۔

جب ۔۔۔آپ ۔۔۔۔نے ٹچ ۔۔۔نہیں۔۔۔۔کیا۔۔۔۔اور۔۔۔۔گڈ“

”۔۔۔۔نیوز۔۔۔۔بھی۔۔۔۔۔نہیں۔۔۔۔تو۔۔۔۔۔وہ۔۔۔چکر۔۔۔۔کیوں۔۔۔۔۔۔۔؟

میر کو ہنسی آئی پر اس نے بمشکل لب دبا کر کنٹرول کیا۔۔۔۔۔لیکن اس نے اس کو مسکراتے دیکھ لیا

تھا۔

اس نے اس کے سینے پر مکا مارا۔

"میر نے اسے ساتھ لگایا۔۔۔۔"ویکنس کی وجہ سے ہو رہا ہے۔۔۔۔ڈونٹ وری۔۔۔۔

اس نے اسے لٹاتے کہا۔۔۔

اور بے خود ہوتے اس کی گردن پر جھکا۔۔۔۔میر۔۔۔۔۔اس نے سرگوشی کی تو وہ پیچھے ہوتے اسے اپنے حصار میں لیتے ہوئے لیٹ گیا

۔۔کچھ دیر بعد وہ پر سکون ہو کر سو گی۔پتا نہیں تم کب مجھ پر لگاے گے الزام سے مجھے بری کرو گی۔ بے بسی سے لب بھینچے بس سوچے جا رہا تھا۔اگلے دن وہ ہوسپٹل سے واپس آے تو سب ٹی وی لاونج میں ہی بیٹھے تھے۔

وہ بی جان کے پاس بیٹھ گی۔

کروا آے چیک اپ کیا کہا ڈاکٹر نے انہوں نے اسے ساتھ لگاتے کہا تھا؟"۔"

وہ کنفیوژ سی میر کی طرف دیکھنے لگی۔

بھابھی یہ کچھ میڈیسن ہے ڈاکٹر نے کہا ہے کہ یہ کافی ویک ہیں اسی لی چکر آتے ہیں۔ڈائٹ پراپر لے" تو ٹھیک ہو جاے گی"۔

اس نے میر کی طرف دیکھا۔

جو پریشان اور الجھا ہو الگا۔

زویا اسے لیے کمرے میں آ گی۔

اس کی کب بورڈ کھول کر ریڈ اور بوتل گرین کلر کا ڈریس نکالا۔ساتھ میں جیولری لے کر اسے اپنے کمرے میں لے آئی۔

زویا بتاو تو سہی۔۔۔۔۔کیوں کر رہی ہو یہ سب"؟"

ششش شور نہیں کرو چپ چاپ بیٹھو"۔"

اس کو اچھے سے تیار کر کہ کمرے تک لائی۔

وہ دروازہ دھکیل کر اندر آئی تو میر کمرے کے وسط میں کھڑا تھا۔

پر شوق نگاہوں سے اسے دیکھتے ہوئے میر نے اس کی طرف پیش قدمی گی۔

عریشہ کا دل زور سے ڈھڑکا۔

وہ پیچھے کی طرف چلنے لگی۔

الٹے قدم اٹھاتی بند دروازے کے ساتھ جا لگی

میر نے اس کے پاس پہنچ کر دونوں سائیڈ پر ہاتھ رکھ کر اس کو قید کیا تھا۔

موم بتیوں کی روشنی میں نرم و ملائم چہرا چمک رہا تھا۔

وہ حیران تھی میر نے یہ سب کچھ کیوں کیا۔

اس نے ہاتھ بڑھا کر اس کے چہرے کے خدو خال چھوا

اس کو لگا دھکتے انگارے نے اسے چھو لیا ہو۔ کمرے کا خواب ناک ماحول ۔

پھولوں کی اٹھتی مہک۔

اس کا سجا سنورا روپ پور پور سجی اس کے حواسوں پر ہاوی ہو رہی تھی۔

اس نے چہرا اس کے قریب کیا

تو گرم و تیز سانسیں اس کو اپنے چہرے پر پڑ تی محسوس ہوئی۔

اس کے لبوں پر لب رکھے تو وہ اس کی گرفت سے نکلنے کو مچلی لیکن اس کی گرفت بہت مضبوط تھی۔

اس کی جان لبوں پر آ سمٹی۔

اس کا وجود لرزنے لگا تھے۔

میر نے اسکو بے بس محسوس کرتے آزاد کیا تو وہ تیزی سے بیڈ کے پاس سے گزر کر ڈریسنگ روم میں جانے لگی

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

میر نے اس کا بازو پکڑتے اپنی طرف کھینچا بیڈ پر دھکا دیتے اس پر جھک گیا۔

میر۔۔۔۔۔۔ پیچھے ہوں۔۔۔ک۔۔۔کیا ۔۔۔کر رہے ہیں۔۔۔۔۔"؟ "

وہ بوکھلاتی بولی۔

اس نے لب اس کی آنکھوں پر رکھے۔اس کی آنکھیں بند ہو گی۔

اس کے بعد کانوں میں پہنے آویزے کو اتار کر اس کے کان کی لو کو ہلکا سا کاٹا۔

وہ سسکی۔

تمہیں مجھ پر کیے ظلم کا احساس ہو گیا۔یہ ہی کافی ہے پہلے خرجانہ بھرو اس کے بعد سوچوں گا کہ معافی" دینی ہے کہ نہیں"۔

وہ گھمبیر لہجے میں بول رہا تھا۔

اس کی گردن پر جھکتے چومتے ہوے کاٹا۔

شکریہ مجھے بری کرنے کا۔

میں آج بہت خوش ہوں اس کی جزبات سے پر سرگوشیاں اس کا دل لزرا رہی تھیں۔

ایسا۔۔۔۔۔۔۔کچھ۔۔۔۔۔۔اس نے اسکو دور کرنے کی کوشش کی۔"

میر نے ڈوبٹہ اتار کر سائیڈ پر کیا۔

"یہ۔۔۔۔آپ۔۔۔۔۔۔"

اس نے کانپتے لبو سے کچھ کہنا چاہا۔

۔۔۔شش۔۔۔۔۔میر نے اس کے لب پر انگلی رکھ دی۔اس کی آنکھوں میں جزبات کا سمندر ٹھاٹھیں" مار رہا تھا اس نے دونوں ہاتھوں سے اس کے سینے پر دباو ڈالا اسے پیچھے کی طرف دھکیلتے بیڈ سے اٹھ کھڑی ہوئی۔۔۔۔

۔میر نے ہاتھ بڑھا کر لائیٹ آن کر دی۔

وہ اس کی جھجک کو سمجھتے اٹھ کر اس کے پاس آیا۔

”آئی لائک اٹ اس نے کمرے کی ڈیکوریشن کو سراہا۔“

پر۔۔۔م۔میں۔۔۔۔۔۔اس نے کچھ کہنا چاہا۔۔۔“

تمہاری تعریف بھی کروں گا لیکن اپنے طریقے سے کروں گا“۔‘

بے بسی سے اس کے آنسو پلکوں کے بند توڑ کر گالوں پے پھسلے ۔

ل۔۔۔ل۔۔۔لیکن۔۔۔۔ یہ سب۔۔۔۔۔میں۔۔۔۔۔۔نے نہیں کیا وہ وخشت سے چلائی تھی۔“

میر جو اس پر جھکا ہوا تھا اک جھٹکے سے پیچھے ہٹا۔

وہ لب بھینچے ضبط کی انتہا گہرائیوں پر تھا ۔آنکھیں لہو چھلکا رہی تھیں۔ اس کی ٹانگیں اس کا ساتھ چھوڑ گئیں تھی

وہ بیٹھتی چلی گی۔

ک۔۔۔۔کیسے۔۔۔۔معاف کر دوں۔۔۔۔ میرے ساتھ ہوے دھوکے کو دھاڑے مار مار کر رونے ”لگ گی تھی۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

وہ بالوں میں انگلیاں پھنسائے سر جھکائے بیڈ پر جا بیٹھا کچھ پل لگے تھے

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

اسے خود کو کمپوز کرتے سراعت سے اٹھا تھا۔نیچے بیٹھی بکھرتی ہوئی زندگی کو دیکھا تھا۔

اٹھو۔۔۔اس کے پاس جا کر سرد لب و لہجے میں کہا تھا۔

وہ اٹھی تھی۔اسے ساتھ لیے بیڈ پر آگیا۔

لیٹ جاو۔وہ لیٹ گی۔ساری کینڈل بوجھاتے نائٹ بلب آن کرتےوہ باہر چلا گیا دونوں نے آنکھوں میں رات کاٹی تھی۔

وہ دونوں باہر نکلے تو برہان باہر کھڑا تھا

آہم آہم۔۔۔۔اس نے گلا کنھگھارا تھا

میر نے گھورا تھا۔

کیسا لگا سر پرائز۔۔۔۔۔۔؟"اس نے کالر کو جھٹکتے کہا۔"

عریشہ نے نظریں چرائی۔

میں بھی سوچ رہا تھایہ فلاپ آئیڈیا۔۔۔۔میرامطلب ہے میری مسسز کا نہیں ہو سکتا۔

برہان کا منہ کھل گیا۔

زویا اور عریشہ کا قہقہ ابل پڑا۔

بھائی ہم نے سوچا کچھ رومینٹک ہونا چاہیے تب ہی کوئی گڈ نیوز ملے گی۔

برہان نے ٹانگ کھینچی تھی

عریشہ سرخ پڑی تھی۔میر نے برہان کو آنکھیں دکھائی۔

بھائی سوری میں تو مذاق کر رہا تھا۔

سب کے ساتھ ناشتہ کرنے کے بعد وہ اٹھ کر کمرے میں چلا گیا۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

ملازمہ نے آکر اسے میر کا پیغام کہ اسے کمرے می بلا رہا ہے

۔وہ گردن ہلاتی اٹھی۔

وہ کمرے میں آئی تو میر ڈریسر کے سامنے کھڑا خود پر سپرے چھڑک رہا تھا۔

ج۔۔۔جی۔۔۔۔آپ۔۔۔۔نے بلایا۔۔۔۔۔اس نے اٹکتے پوچھا۔

وہ چلتا اس کے قریب آیا۔

اس کا ہاتھ تھاما میں بہت شرمندہ ہوں۔

مجھے زرا سا بھی اندازہ ہوتا کہ یہ سب تم نے نہیں برہان نے کیا ہے تو م۔۔۔ کبھی۔۔۔۔۔ بھی ویسا کچھ نہ کرتا۔ آئی ایم ایکسٹریملی سوری۔۔۔۔۔اور جب تک آپ نہیں بولے گی۔میں کوئی پیش قدمی نہیں کروں گا۔

وہ دم بخود کھڑی تھی۔

وہ پیچھے ہوتے ہینڈ کیری پکڑتا باہر نکلنے لگا۔

"ک۔۔۔کہا۔۔۔۔۔۔جا رہے ہیں؟"

اس نے پوچھا تھا

اک کام سے آوٹ آف کنٹری جا رہا ہو "۔"

ناراض ہیں ؟"اس نے نگاہے جھکاے پوچھا۔"

"اپنی زندگی سے کوئی روٹھ سکتا ہے؟"

اس نے اسے لاجواب کر دیا تھا۔

رات کو وہ ٹی وی پر نیوز دیکھ رہی تھی۔

جب خفیہ کمرے کی فوٹیج دیکھائی جانے لگی۔انہوں نے بہت بڑے گینگ کا خاتمہ کیا تھا۔

اس میں انکا سربراہ کو گولی لگی تھی

اس کو وہ دیکھا دیکھا لگ رہا تھا۔

برہان نے آکر چینل چینج کر دیا۔۔

وہ بی جان کے پاس ہی سوتی تھی۔

اگلے دن دوپہر کو کب بورڈ کھولے صفائی کر رہی تھی جب اک اڑتا کارڈ دور جا گرا۔

اس نے جھک کر اٹھایا اس نگاہ ڈالی تو میر کا تھا۔

لیکن جس شعبہ سے تھا اس کی جان ہوا ہوئی۔

اس نے میر کا نمبر ملایا نمبر بند جا رہا تھا۔

شام کو وہ کچن میں مصروف تھی جب زویا نے بتایا میر بھائی آے ہیں۔

اس کا دل تیزی سے ڈھڑکا۔

وہ کچھ دیر سب کے ساتھ بیٹھ کر کمرے میں چلا آیا۔

وہ کمرے بھی نہیں تھی تھکاوٹ کی وجہ سے لیٹا۔

لیٹتے ہی آنکھ لگ گی۔

وہ جب کمرے میں آئی۔کمرے میں گھپ اندھیرا تھا میر کے خراٹوں کی آواز آ رہی تھی۔

اس نے نائٹ بلب آن کیا۔

ڈریس چینج کیا۔ آ کر دھیرے سے لیٹی۔

کچھ پل اس کو گھورتی رہی۔

پھر کمبل سیٹ کرتے ہاتھ غلطی سے اس کے سینے سے لگا۔

اس نے سرخ آنکھیں وا کر کے پھر بند کر لی اسکا دل تیزی سے ڈھرکا۔

لیکن اسے کچھ محسوس ہوا

۔اس نے دوبارہ ہاتھ سینے پر لگایا تو بینڈیج تھی۔

اس کا رنگ فق ہوا تھا

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

اس نے شرٹ کے بٹن کھولنے کو ہاتھ بڑھاے۔اوپر کا دو بٹن الریڈی کھلے ہوے تھے۔وہ جو جھکی ہوئی تھی۔آخری بٹن کھولا

اس کا آنسو لڑھک کر میر کے چہرے ہر گرا تھا۔وہ گہری نیند سے جاگ گیا تھا۔

اس کو ایسے جھکا ہوا دیکھا۔

یکدم اسے پیچھے کرتا کھڑا ہوا اس کا چہرا دیکھ کر وہ سمجھ چکا تھا

کہ وہ جان چکی ہے۔اس سے پہلے کہ وہ آگے کو بڑھتا۔

"گ۔۔۔۔گولی لگی ہے نہ؟؟؟"

اس نے اٹکتے پوچھا تھا۔

وہ بیڈ سے اترتی اس کے سامنے سراپا سوال بنی ہوئی تھی۔

اس نے چونک کر دیکھا۔

اس کے چہرے پر پھیلا کرب دیکھ کر اس نے کہا

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

اتنی جلدی مرنے والا نہیں ہوں اس نے بات مزاق میں اڑانی چاہی"۔"

وہ روتی ہوئی اس کے سینے سے آ لگی۔کافی دیر کے بعد میر نے پیچھے کیا تو وہ روتے روتے سو گی تھی۔

وہ اسے لٹاتا خود بھی لیٹ گیا۔

وہ اٹھی تو میر کمرے میں نہیں تھا۔

وہ اٹھ کر تیزی سے روم سے باہر جانے لگی تھی۔سامنے سے آتے میر کے ساتھ ٹکرا گی

۔اس سے پہلے کہ زمین بوس ہوتی میر نے تھام لیا۔

اتنی تیزی سے کہا جا رہی تھی؟"اس نے اوپر جھکتے ہوے کہا۔"

آ۔۔آپ کو دیکھنے۔۔۔۔۔اس نے بند آنکھوں سے کہا"۔"

تو اب دیکھ لو۔سامنے آیا ہوں تو آنکھیں بند کیے ہوے ہو۔"
اس نے مسکراتے کہا

وہ آنکھیں کھولتی سیدھی ہوئی۔
وہ اس کا ہاتھ تھامے ساتھ لے کر صوفے کی طرف آیا۔
وہ گھبرائی سی دل میں اتری جا رہی تھی۔کیسی طبیعت ہے اب؟
میر نے اسے دیکھتے پوچھا۔
"ٹ . .ٹھیک ہے۔۔آپ۔۔۔تو۔۔۔ڈاکٹر تھے نہ؟"

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

اس نے پل بھر کے لی نظریں اٹھا کر اس کی طرف دیکھتے سوال کیا۔
تھا نہیں اب بھی ہوں یہ پروفیشن تو کیسی خاص کی وش تھی "اس نے مسکراتے جواب دیا۔"

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

" ویسے آپ کو کس نے بتایا میرے پروفیشن کا؟؟؟"
میر نے سوال اٹھایا۔
"و۔۔۔وہ۔۔۔ٹی وی پر نیوز۔۔۔۔۔۔اور پھر الماری میں ۔۔۔۔۔کارڈ۔۔۔۔۔۔آپ کا زخم۔۔۔۔۔"
اسنے نظریں جھکائے کہا تھا

"گڈ جاب اب لگی ہو میری مسسز۔۔۔۔"
کڑی سے کڑی ملا لی۔

اس کا چہرا سرخ پڑا تھا۔

ان رومینٹک خشک پرسن لوگو۔۔۔۔۔میں کب سے کیمرا سیٹ کیے کھڑا ہوں۔۔۔اور آپ لوگ" بورنگ باتیں کر رہے ہو"۔

برہان نے دوہائی دی

اس کے یک دم بولنے سے وہ ڈر گی تھی۔

تمہاری یہ جو لمبی ناک ہے نہ جو ہر کسی کے معاملے میں گھستی ہے کسی دن اس کا نام و نشان مٹ جانا" ہے"

میر نے دانت کچاتے برہان کو کہا تھا۔

میری مسسز بلا رہی ہے ناشتہ پہ" کہتا نکل گیا۔وہ دونوں بھی ناشتے کے لیے آے۔"

دونوں نے سلام کیا۔ناشتے کے بعد بی جان کمرے میں چلی گی۔

ماما اور پاپا آفس کے لیے نکل گے

میر اور برہان سٹڈی روم میں چلے گے۔

وہ کوئی کیس ڈسکس کر رہے تھے

جب کوئی بنا دستک اندر آیا۔

دونوں نے آنے والے کو دیکھا۔

وہ خواس باختہ سی ان تک آئی۔

"میر۔۔۔۔و۔۔۔۔وہ۔۔۔باہر"

وہ تیزی سے اس کی جانب آیا۔"کیا ہوا عریشہ؟

"باہر زویا بھابھی۔۔۔۔بے ہوش ہو گی ہے۔۔۔"

اس نے کانپتے کہا

تینوں باہر کی جانب دوڑے اس کو ہوسپٹل لے آے۔

ڈاکٹر نے کچھ ٹیسٹوں کے بعد برہان کو اپنے کیبن میں بلایا۔

اس کو ہوش آگی تھی۔

عریشہ اس کے پاس آگی میر کوریڈور میں کسی ڈاکٹر کے ساتھ کھڑا کچھ ڈسکس کر رہا تھا۔اس کی ڈرپ ختم ہوتے اسے گھر لے آے۔

وہ گھر آے تو بی جان پریشان سی بیٹھی تھی۔پاپا اور مما بھی گھر میں تھے شاید ابھی ابھی ہی بی جان کے بلانے پر آے تھےرپورٹس میر کے ہاتھ میں تھی۔

وہ پریشان سا تھا۔

برہان پتر کیا ہوا؟"بی جان نے پوچھا۔۔۔"

"بی جان۔۔۔۔۔۔۔وہ۔۔۔۔۔ڈاکٹر نے کہا ہے۔۔"

۔۔کہ۔۔۔۔۔سب اس کی طرف دیکھ رہے تھے۔۔۔اس نے رک کر سب کی طرف دیکھا۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial

حوصلے سے کام لیجے گا۔

اگر ہمت کم ہے تو بات سننے سے گریز کرے۔

پاپا نے گھورا۔۔۔۔۔۔ب۔۔۔بات۔۔۔۔۔یہ ہے۔۔۔۔۔۔کہ۔۔۔۔"جونیئر برہان آنے والا ہے۔

"اس نے اک دم کہا تھا۔"ک۔۔۔۔۔کیا۔۔۔؟

سب سے پہلے میر اس کی طرف بڑھا۔۔اس کو خود سے لگاے زور سے بھینچا۔

"یار۔۔۔۔۔۔بس کر دے تخریب کاریاں کیوں کر رہے ہو؟"

برہان نے منہ بسورتے کہا

زویا جھینپ گی تھی۔

سب نے دونوں کو مبارک باد دی۔

جاو زویا تم کمرے میں آرام کرو

بی جان نے کہا تو وہ اٹھ کر چلی گی

برہان جو جانے کے لیے پر تول رہا تھا۔

میر نے کہا چلو برہان کچھ کام ہے۔

وہ منہ بنا کر رہ گیا۔

عریشہ کی طرف مسکین شکل بنا کر دیکھا۔م۔۔میر جانے۔۔۔۔دے اسے۔۔۔۔عریشہ نے کہا

تو اس نے اشارا گیا کہ جاو۔

وہ کمرے کی جانب چل دیا۔زویا صوفے پر بیٹھی تھی اس کو آتے دیکھ کر کھڑی ہو گی۔اس نے پکڑ کر گول گول گھایا برہان

اس نے دھیرے سے کہا۔

برہان

اس نے کھینچ کر ساتھ لگا لیا۔زویا۔۔۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

تھینکس م۔۔۔۔میں۔بہت خوش ہوں ۔

اس نے اس کے کان میں سرگوشی کی۔

وہ کمرے کی کھڑکی میں کھڑی لان میں دیکھ رہی تھی

برہان اور زویا کرسیوں پر بیٹھے تھے ۔

برہان اس کو سیب کاٹ کر کھالا رہا تھا۔

اتنے اشتیاق سے کیا دیکھ رہی ہو میں۔۔۔بھی یہ کام کر سکتا ہوں ؟"میر نے سرگوشی کی۔"

وہ چونک کر پیچھے ہوتی اس کے سینے سے جا ٹکرائی۔

اس کی سانس اٹکی۔

جلدی سے تیار ہو جاو کہیں چلتے ہیں۔اس کی گردن پر لب رکھتے کہا"۔"

میں باہر ویٹ کر رہا ہوں"۔"

باہر نکل گیا۔اس نے آنکھیں بند کر کے خود کو نارمل کیا۔

کب بورڈ کی طرف بڑھی۔

بلیو کلر کا ڈریس نکالا جس پہ نک اور دامن پر وائٹ سٹون لگے ہوے تھے

۔آنکھوں میں کاجل اور مسکارے کا ٹچ دیا۔لائٹ پنک کلر کی لپسٹک لگائی۔

بالوں کا جوڑا بنا کر سر پر ڈوبٹہ لیتے ہوے کندھوں پر شال اوڑی۔

وہ ہائی ہیل پہنے فون اور کلچ اٹھاتے روم سے باہر آئی۔چلیں؟میر جو ٹی وی دیکھ رہا تھا اس کے پاس پہنچ کر کہا۔

لیکن وہ گہری سوچ میں تھا۔

اس نے جھجکتے اس کے کندھے پر ہاتھ رکھ کر ہلایا۔

میر آہستہ سے پکارا ہوں وہ چونکا۔

"لیزی عوام۔۔۔۔۔اتنے ٹائم ہو گیا شادی کو ابھی تک شرمانا ہی ختم نہیں ہو رہا۔۔۔"

میر نے اس کی ٹانگ کھینچتے کہا۔"بے شرم کچھ شرم کیا کرو۔بی جان نے آکر کان پکڑتے کہا۔

"اگر شرم کرتا نہ تو انکی طرح بس شرماتا ہی رہتا گڈنیوز نہ ملتی آپ کو"

۔زویا اور عریشہ بیک وقت خفت سے سرخ ہوئی تھیں۔

وہ ہنستے اس کا ہاتھ پکڑ کر نکل گیا۔

زویا بھی کمرے کی طرف گھسکی۔

مسخرا پن کب چھوڑو گے؟"۔"

بی جان نے گھورا۔

جب تک میرا شاگرد میری سیٹ نہ سنبھال لے"۔"

اس نے آنکھ دباتے کہا تھا۔

یہ لڑکا نہیں سدھر سکتا۔"

وہ بڑبڑاتی ہوئی آگے بڑھ گئیں۔

شاپنگ مال کے سامنے گاڑی روکتے دونوں اترے۔باڈی گارڈ بھی ساتھ تھے۔

اس کو الجھن ہو رہی تھی۔میر ۔۔۔۔عریشہ نے دھیرے سے پکارا

جو ہم قدم تھا رک کر اسکو دیکھا

۔م۔میں ایزی نہیں فیل کر رہی"۔"

"طبیعت ٹھیک ہے؟ چلو واپس چلتے ہیں"

اس نے پوچھتے ہوے ہاتھ تھامااس کے چہرے سے پریشانی چھلکنے لگی تھی۔

میں ٹھیک ہوں ۔پر یہ باڈی گارڈ۔۔۔میری حفاظت کے لیے آپ کافی ہے نہ"۔"

اس نے اپنی بات مکمل کی۔

اس نے ایر پیس کان میں لگاتے انکو باہر رکنے کی ہدایت دی۔

وہ بس گھوم ہی رہی تھی۔

میر نے اس کے لیے بہت سی شاپنگ کی۔

وہ بار بار بچوں والے حصے کی طرف دیکھ رہی تھی

میر نے اس کے نظروں کے تاقب میں دیکھا۔اس کا ہاتھ پکڑ کر ادھر لے آیا۔

کیا چاہیے؟"۔میر نے سرگوشی کی۔"

"برہان۔۔۔اور زویا۔۔۔کے بے ۔۔بی کے۔۔۔لیے۔۔۔

اس نے شرماتے چہرا جھکا لیا

ویسے سچ بتاوں میں بھی اسی ارادے سے آیا تھا

اس نے جھکتے ہوے سرگوشی کی اس کی سرگوشی پر وہ سرخ انار ہو گی۔

پھر دونوں نے بہت سی شاپنگ کی۔اس کے چہرے پر تھکن کے آثار دیکھ کر اس نے سامان گاڑی میں رکھوایا۔

ڈنر کرنے کے لیے اک الگ سا کارنر چوز کیا۔واپسی پر میر کی نظریں خود پر محسوس کرتے وہ جنجھلا اٹھی۔

سامنے دیکھ کر گاڑی چلاے پلیز۔"

وہ مسکرا کر سامنے دیکھنے لگاگھر آ کر گاڑی سے اترے تو وہ تیزی سے میر کی طرف آئی۔میر عریشہ نے۔۔۔اس کا ہاتھ پکڑ کر روکا۔

اس نے مڑ کر اس کو دیکھا۔

س۔۔سوری اس نے جلدی سے ہاتھ چھوڑا۔

"وہ . .میں یہ کہہ رہی تھی کہ بے بی شاپنگ سیگرٹ ہے۔"

اوکے ڈونٹ وری"۔"

سب کے لیے شاپنگ کی تھی۔ان میں کیا ہے۔۔۔برہان کی زبان سے پھسلا۔۔۔۔ہاتھ بڑھانا چاہا۔

عریشہ نے میر کی طرف دیکھا۔میر نے اس کا ہاتھ پکڑ کر گھورا۔

اس نے ہاتھ پیچھے کرتے منہ بنا کر کہا۔گھور کیوں رہے ہیں نہیں دکھنا تو نہ دکھاو۔

اگلے دن برہان اور زویا کہیں گے ہوے تھے۔واپس آے تو میر

اورعریشہ سڑھیوں کے پاس کھڑے تھے۔

یہ۔۔۔مجھے سازش کی بو کیوں آ رہی ہے۔۔۔۔آنکھیں بند کرو جلدی سے میر نے دھمکا مارتے کہا۔"

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

دونوں کی آنکھوں پر پٹی باندھ کر اک کمرے میں لے آے لائٹ آن کرتے پٹی ہٹائی تو وہ دونوں دھنگ رہ گے۔

بے بی کا کمرا ڈیکوریٹ کیا تھا۔

بیڈ سے لے کر ہر چھوٹی بڑی چیز تھی۔

ڈریسز کھلونے جولے۔۔۔۔۔شکریہ بھائی۔

وہ اس کے گلے لگ گیا۔وہ دونوں بھی ہنس پڑی تھی۔

وقت پر لگا کر گزر رہا تھا۔چار ماہ ہو چکے تھے۔ڈنر کا وقت تھا۔

وہ زویا کو بلانے اس کے کمرے میں گی تھی۔دونوں ساتھ آئی کوریڈور سے مڑی تھیں

وہ فون پکڑے میر کا نمبر ملانے لگ گی۔وہ اک دو قدم آگے تھی۔زویا پیچھے تھی۔

اس نے پہلی سڑھی پر قدم رکھنا چاہا زویا نے پکڑ کر تیزی سی کھینچا۔

روکو عریشہ وہ ڈر گی تھی۔اس کو کھینچتے وہ گھوم گی اس کا پاوں سلپ ہوا تھا۔اور وہ سیڑھیوں سے لڑکھتی ہوئی نیچے کی طرف آتی چلی گی۔

وہ جو ابھی پہلے جھٹکے سے ہی نہ سنبھل پائی تھی۔

دلخراش چینخوں نے اس سمیت گھر میں داخل ہوتے برہان اور میر کے بھی حواس سلب کر لیے تھے۔

.........🎈🎈🎈🎈.........

پھر شاہ اور ہانیہ اک دوجے کے لیے لازوملزم ہو گے۔

ہر جگہ ساتھ پاے جاتے۔وہ اس سے اپنی ہر چھوٹی سے بڑی بات شئیر کرنے لگی۔

انکا رشتہ کب پیار میں بدل گیا

وہ کچھ سمجھ ہی نہ پاے تھے۔

اس دوران وہ اپنے چاچو کا فون نمبر اور ایڈریس بھی حاصل کر چکا تھا۔

اس کے پاپا کا نام ہاشم تھا اس کے وہ سٹڈی کے لیے آے تھے۔

ادھر ہی اک انگریز لڑکی ان کے عشق میں پاگل ہو گی۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

کچھ عرصے بعد اس نے اسلام بھی قبول کر لیا۔اس نے اپنی فیملی کو بھی چھوڑ دیا تھا۔

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

میر ہاشم شاہ نے اس سے شادی کر لی لیکن جب اسے پاکستان لے کر آے تو انکی فیملی نے عالیہ کو ہاشم کی بیوی کو اپنانے سے انکار کر دیا۔

تب وہ اسے ساتھ لیے واپس لوٹ آے۔شادی کے تین سال بعد ہانیہ کی پیدا ہوئی۔

پھر وہ لوٹ کر کبھی پاکستان نہیں گے تھے۔
وہ زیان سے ہر ہر موقع پر گفٹ لیتی تھی۔

۔پھر اک دن اس نے اپنی مما کو اپنی پسند کے بارے میں بتایا تھا

اس کی مما نے اسے کہا کہ وہ اس کے پاپا سے بات کرے گی۔ اسی دن زیان شاہ نے ہانیہ کو پرپوز کیا تھا۔اک بریسلیٹ گفٹ کیا تھا۔

اس نے کہا تھا کہ اگر وہ مان جاۓتو بریسلٹ اپنی گلائی پر پہن لے۔

اور کوئی زبردستی بھی نہیں ہے۔

اگر اس کا دل نہ مانا تو وہ ہمیشہ دوست تو رہے گے ہی۔

پھر ہانیہ کی فیملی نے اسے گھر ڈنر پر انوائٹ کیا تھا۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

اس کے تو پاوں ہی زمین پر نہیں لگ رہے تھے۔وہ مسکراتی ہوئی۔

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

اس کے گھر آئی تھی۔

دروازہ کھلا دیکھ کر وہ اندر آئی۔

ز۔۔۔اس نے آواز دینے کے لیے منہ کھولا تھا

لیکن سامنے کا منظر دیکھ کر اس کے الفاظ گم ہو گے تھے۔

یک لخت آنسو بہہ نکلے۔

وہ بے دردی سے آنسو رگڑتی ادھر سے نکلتی چلی گی۔

گھر آئی تو مما نے بتایا کہ وہ اک ہفتہ تک پاکستان جا رہے ہیں۔

اور پھر اس نے خاموشی سے سب چھوڑ دیا تھا۔

💤 💤 💤 💤 💤 💤

ساکت نظروں سے خون میں لتھ پت منہ کے بل گرے ترپتے وجود کو کو دیکھ رہے تھے۔

کچھ پل لگے تھے میر کو سنبھلتے ہوئے پھر وہ برہان کو کھینچتا بھاگا تھا۔

https://www.classicurdumaterial.com/

برہان نے ترپتے وجود کو متاع حیات کی طرح اٹھاتے ساتھ لگایا تھا۔

Support@classicurdumaterial.com

بے بسی سے رو دیا تھا۔

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

پھر اٹھاتا باہر کی جانب بھاگا

میر جو برہان کے پیچھے جانے لگا تھا

اس کی نظر سڑھیوں کے سرے پر پڑی تھی

جہاں عریشہ بے ہوش ہو کر گری تھی۔

وہ تیزی سے اسے سنبھلتا باہر نکلا تھا

میر لیڈی ڈاکٹر کے ساتھ باہر آیا تھا

اسکی سرخ آنکھیں کسی انہونی کا پتا دے رہیں تھیں۔

باہر کھڑے سب لوگوں کی سانس اٹکی تھی

وہ۔۔۔ہم ۔۔۔نے بہت کوشش کی پر۔۔۔۔۔ہم بچے کو نہیں بچا سکے ہمیں ابریٹ کرنا پڑا۔

برہان لڑکھڑایا تھا۔میر نے اسے خود میں بھینچ لیا۔

ن۔۔۔۔نہیں۔۔۔۔ایسا نہیں ہو سکتا۔۔۔ابھی۔۔۔۔تو ۔۔۔۔۔۔میں۔۔۔۔۔۔نے اسے چھوا ۔۔ہی' نہیں تھا۔اسے دیکھا تک نہیں۔۔محسوس ۔۔۔۔بھی۔۔۔۔۔نہیں۔کر سکا۔۔۔۔۔۔اسکی آہ زاری پر ہر شخص کی آنکھیں نم تھی۔

اک طرف زویا بے ہوش پڑی تھی تو دوسری طرف اب تک عریشہ کو ہوش نہیں آیا تھا۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

اگلے دن دوپہر میں جا کر دونوں کو ہوش آیا۔زویا کو چپ لگ گی تھی۔
وہ ہوش میں آتی ڈرپ کو نوچ کر اتارتی بیڈ سے اٹھی تھی۔
کمرے میں آتے میر سے ٹکرا گی۔

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

"ز۔۔۔۔زویا۔۔۔بھابھی۔۔۔۔اور ۔۔۔۔۔بے بی ۔۔۔۔۔ٹھیک ہے۔۔۔۔۔نہ؟"

میر نے آنکھیں میچیں تھیں۔۔۔۔۔۔مم۔۔۔۔۔میر۔۔۔۔۔بتاے نہ۔۔۔۔۔۔

اس کا بازو ہلاتے ۔۔۔۔۔روتے چلائی

"زویا بھابھی ٹھیک ہے۔۔۔۔۔۔پر بچے کو نہیں بچا سکے"

میر نم لہجے میں کہا نے کہا تھا۔

۔ن۔۔۔نن۔۔۔نہیں۔۔۔وہ اسے چھوڑتی بڑبڑا ئی ۔۔۔۔۔۔"

اس نے لڑکھراتی عریشہ کو خود میں بھینچ لیا تھا۔

وہ روتی ہوئی اس کو بھی رولا گی تھی۔۔۔۔برہان بھی دروازے کے پاس کھڑا تھا۔

روتا باہر نکل گیا تھا۔

میر اسے چپ کروانے کے بعد باہر لے آیا۔ اس کا فون بجنے لگا۔

اس نے جس کمرے میں زویا تھی اس کے سامنے لا کر اندر جانے کا اشارہ کیا

اور فون کان کے ساتھ لگاتا باہر نکل گیا۔

وہ آنکھیں صاف کرتی باہر آئی تھی۔

میر نے کسی کام سے جانا تھا۔

https://www.classicurdumaterial.com/

فون جیب میں رکھتا مڑا تھا وہ لب بھینچے پیچے کھڑی تھی۔

Support@classicurdumaterial.com

"م۔۔۔۔مجھے۔۔۔۔گھر۔۔۔۔جانا ہے۔۔۔۔۔"

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

اس نے گردن ہلائی۔

وہ گاڑی میں بھی چپ چاپ بیٹھی رہی۔گھر آتے وہ کمرے میں چلی گی۔

میر کمرے میں آیا تو وہ کمبل اوڑھے لیٹی تھی۔

ہنی۔۔۔۔"میر نے کمبل ہٹاتے پکارا تھا۔"

۔۔۔پ۔۔۔پلیز۔۔۔۔۔مجھے۔۔۔۔۔ابھی۔۔۔۔بات نہیں۔۔۔۔کرنی۔۔۔۔۔۔۔"اس نے بازو آنکھوں پر رکھتے کہا۔۔۔۔۔تھا۔

اوکے۔۔۔۔۔اپنا دھیان رکھنا۔۔۔۔۔"وہ کہتا باہر نکل گیا۔"

وہ بی جان کو بتا گیا تھا کہ وہ رات کو نہیں آئے گا۔

اگلے دن صبح ملازمہ بہت بار اسے بلانے آئی تھی پر اس نے دروازہ ہی نہیں کھولا تھا۔رات کے وقت بی جان نے میر کو فون کر کے بتایا تھا۔

برہان کمرے میں گیا تو ہاتھوں کو گھور رہی تھی۔

برہان نے بیڈ پر پاس بیٹھتے اس کے ہاتھوں کو تھاما تھا۔ کیسی ہو۔

برہان نے ضبط کرتے سرخ آنکھوں سے پوچھا۔

ک۔۔کیسی ہو۔۔۔سکتی ہوں۔۔۔۔۔جس کا بچہ دنیا میں آنے سے پہلے ہی روٹھ گیا۔

برہان نے اسے کھینچتے ساتھ لگا لیا تھا۔دونوں بے بسی سے رو دیئے تھے۔اور کچھ انکے ہاتھ میں رہا بھی تو نہیں تھا۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

رات نو بجے وہ اور برہان زویا کو لے کر گھر آئے تھے۔

میر اپنے کمرے کیطرف آیا تھا اس نے دروازے پر دستک دی لیکن جواب نادر تھا اس نے ملازمہ سے دوسری چابی منگوا کر دروازہ کھولتے تیزی سے اندر آیا۔

وہ بیڈ پر گھٹنوں پر چہرا جھکائے ساکت تھی۔ ہنی اس کے سامنے بیٹھتے اس کے کندھے پر ہاتھ رکھتے پکارا تھا

اس نے چہرا اوپر اٹھایا تھا۔

بکھرے بال سوجی ہوئی آنکھیں جل تھل ہوتے نین سرخ آنکھیں

چہرا بخار کی حدت سے تمتما رہا تھا اجری ہوئی حالت دیکھ کر میر کے دل کو کچھ ہوا تھا۔

وہ سہارا پاتے ہی ہمت ہار گی تھی۔

میر نے حصار مضبوط کرتے اسے ساتھ لگا یا تھا۔

برہان کے سہارے جو بیڈ پر بیٹھی تھی۔

برہان "زویا نے اسے پکارا"

ہوں

برہان نے جواب دیا

عریشہ کدھر ہے وہ مجھے دیکھنے بھی نہیں آئیں؟"۔"

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

برہان نے حیرانگی سے اسکی طرف دیکھا۔"وہ ان کی طبیعت شاید ٹھیک نہیں اس لیے نہیں آئی ہوں گی"۔

برہان نے جواباً کہا تھا

تم مجھے انکے پاس لی چلو گے پلیز۔۔۔؟"۔"

اس نے برہان کو کہا تھا۔

ہنی بتاو تو سہی ہوا کیا ہے؟"۔"

میر نے اس کی پیشانی چومتے کہا تھا

م۔۔۔میر۔۔۔۔وہ۔۔۔۔۔م۔۔۔م۔۔میں وہ اسکو پیچھے کرتی بیڈ سے اتر آئی تھی

۔وہ بھی اس کے سامنے آتے ہوے اس کے کندھے پر ہاتھ رکھتا اس کے چہرے کو اوپر اٹھاتے بولا تھا

"ہاں بولو۔۔۔۔۔۔"

م۔۔۔میری وجہ سے۔۔۔۔ان کا بچہ ۔۔۔۔۔۔۔۔مر گیا۔۔میری وجہ سے۔۔۔۔انکی خوشی ان "

"سے۔۔۔۔۔دور چلی گی۔۔۔م۔۔۔میری۔۔۔وجہ سے سب۔۔۔کچھ ختم۔۔۔۔ہو گیا۔۔۔۔۔

وہ جو اسے ساتھ لگاے کھڑا تھا اس کا دماغ ماوف ہوا تھا۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

اس نے اک جھٹکے سے اسے پیچھے کیا۔

وہ اس کی اس حرکت پر جامد ہوئی تھی۔

اس نے نظریں اٹھا کر اس کی طرف دیکھا تھا اس کا ہاتھ اٹھ گیا تھا

اس سے پہلے کہ اس کی گال پر پڑتا کسی نے اس کا ہاتھ پکڑ لیا تھا۔

میر نے آنے والے کو دیکھا تھا۔

میر نے اپنا ہاتھ اسکی گرفت سے آزاد کروایا تھا۔

اور رخ بدل کر کھڑا ہو گیا تھا۔

برہان۔۔۔اسے کہو نہ کہ اسے بولے یہ جو بول رہی ہے وہ وہ سچ نہیں ہے۔۔۔

اس نے نم آواز میں کہا تھا۔

مجھے ملازمہ نے کہا تھا۔۔۔لیکن میں نے اس کی بات پر یقین نہیں کیا"۔"

میر نے تڑپتے کہا تھا

اور ملازمہ نے کیا کہا

برہان نے سرخ آنکھیں لیے پوچھا

"ملازمہ نے کہا ہے کہ اس نے زویا کو دھکا مارا ہے۔۔۔۔"

زویااور برہان نے بھی اس بات پر میر کی طرف آنکھیں پھاڑے دیکھا تھا۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

یہ۔۔۔۔یہ کیا کہہ رہے ہیں آپ"؟ وہ اٹکتے ہوے بولی تھی۔۔۔۔"

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

میر نے اسے بازو سے دبوچا اس سے پہلے کہ اسے کمرے سے باہر نکالتا۔

"میر بھائی عریشہ کو چھوڑے"

وہ چلائی تھی۔

جیسا آپ سوچ رہے ہیں ویسا کچھ نہیں ہوا تھا"۔ زویا نے کہا"

تم اس کو بچانے کے لیے بول رہی ہو نہ؟"۔"

میر غصے سے بولا تھا۔

ن۔۔۔نہیں میر۔۔۔۔بھائی۔۔۔۔۔م۔۔م۔۔میں۔کچھ بتانا چاہتی ہوں۔۔۔۔۔"

میں اور عریشہ کمرے میں سے آ رہے تھے۔عریشہ فون پہ بزی تھی۔میری نظر سامنے پڑی تو سیڑھیوں پر کچھ آئل ٹائپ چیز پڑی تھی۔میں نے عریشہ کو بچانا چاہا لیکن میرا پاوں سلپ ہو گیا۔۔۔اور پھر وہ سب ہو گیا۔بھائی۔۔۔۔۔میں۔۔۔تو زیادہ تر کمرے میں ڈنر کرتی تھی۔تو وہ سب کیا عریشہ کو گرانے کے لیے گیا گیا تھا؟"

اس کی بات پر سب کا رنگ فق ہوا تھا۔

میر اسے چھوڑتا باہر نکل گیا۔

برہان اسے اشارہ کرتے میر کے پیچھے چلا گیا۔زویا اس کی طرف بڑھی تھی۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

عریشہ۔۔اور۔۔۔۔وہ ایک دوسرے کے گلے آ لگی تھی۔
دونوں پھر روئی تو دلوں کے غبار کو آنکھوں سے نکلنے کا موقع مل گیا۔

میر کا رخ اس کمرے کی طرف تھا جہاں پر کیمروں کا کنٹرول تھا۔

وہاں پر انہوں نے اس دن کی ریکارڈنگ نکالی۔تو ان کو شاک لگا تھا۔گھر کا ہی فرد ایسا کیسے کر سکتا ہے۔
میر رات کے بارہ بجے کمرے میں آیا

تو وہ سوئی ہوئی تھی۔

میر اس کے پاس آرام سے لیٹا اسکو اپنے حصار میں لیتا سو گیا۔

صبح جب اٹھا تو وہ کمرے میں نہیں تھی۔

وہ مسکرا دیا۔وہ جب ناراض ہوتی تھی تو کمرے سے غائب ہو جاتی تھی۔وہ بی جان کے کمرے میں آیا تو وہ تیزی سے باہر نکل گی۔

وہ مسکراتے بی جان کی گود میں سر رکھ کر لیٹ گیا۔

لگتا ہے آپ کی بہو زیادہ ہی غصے میں ہے"؟آنکھیں بند کرتے کہا تھا۔"

تو پتر ایسے کام ہی کیوں کرتے ہو کہ بعد میں منتیں کر نی پڑیں۔چلو جاو اسے مناو"۔"

وہ زویا کے کمرے میں جا کر بیٹھ گی۔

اگر میر میرا پوچھے تو نہیں بتانا۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

زویا کمرے میں سے نکلی تو میر آتا دکھائی دیا۔

"زویا عریشہ کا پتا ہے کدھر گی ؟"

اس نے نفی میں گردن ہلا دی۔

اسے کسی ضروری کام سے جانا تھا ۔

وہ تیار ہو کر نکل گیا۔

برہان آفس کے لیے جا رہا تھا

کسی لڑکی نے لفٹ مانگی تو وہ رک گیا۔

ارے تم۔۔۔۔۔۔”وہ گاڑی میں بیٹھتی ہوئی بولی۔اس نے بھی چونک کر دیکھا۔“

”اتنے سالوں بعد کہاں سے آ دھمکی؟“

برہان نے مسکراتے کہا۔

”بس میں نے سوچا اس سے پہلے کہ لوگ مجھے بھول جاۓ میں یاد دلوا دوں۔اک کال کر سکتی ہوں؟“

اس نے برہان سے موبائل مانگتے کہا

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

اس نے فون اس کی طرف بڑھایا

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

اس نے فون ریکارڈنگ چپ۔

اس کے فون میں سیٹ کر دی ولی کی بھی نظر اسی پر تھی۔

وہ تھوڑا آگے جا کر اتر گی۔

برہان آفس آگیا۔میر نے اس کے ساتھ کچھ دسکس کیا۔

اس کو اچھے سے سمجھاتے ہوۓ وہ مسکرا دیا۔اس نے برہان کو فون کر کے بولا وہ عریشہ کو فارم ہاوس لے آۓ۔

وہ گھر آیا اور عریشہ کو تیار ہونے کا بولا۔

زویا جاو ہیلپ کرو میر بھائی کے ساتھ کسی پارٹی می جانا ہے۔

اس نے ریڈ کلر کی فراک سلیکٹ کی تھی۔ جس کے گلے اور دامن پر سلور سٹون سے کام ہوا تھا۔ڈریس کی مناسبت سے ہی جیولری اور میک اپ کیا گیا تھا۔

ہائی ہیل پہنے اس نے اپنے سراپے پر نگاہ ڈوڑائی تو شرما گی۔

بلیک چادر کندھے پر ڈالتی وہ باہر آ گی۔

عریشہ اک منٹ ٹیرس پہ آو کچھ دیکھانا ہے"۔"

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

زویا نے اس کو کہا تھا

اوپر کوریڈور میں پہنچ کر عریشہ نے زویا سے کوئی بات کرنی چاہی۔

اس نے مڑ کر دیکھا کوئی نہیں تھا اس سے پہلے کے وہ واپس مڑتی۔

کسی نے بازو سے کھینچ لیا تھا

اس سے پہلے وہ چینختی کسی نے سراعت سے اس کے منہ پر ہاتھ رکھ کر اس کی چینخ کا گلہ گھونٹا۔

اس کی آنکھیں ابل کر باہر آنے کو تھی۔وہ خوف سے لرزنے لگی تھی۔

چ۔۔۔چھوڑو۔۔۔۔۔۔مجھے۔۔۔وہ پھڑ پھڑائی"۔"

آج تو حساب کتاب کلیر کرنے کا دن ہے اتنی آسانی سے کیسے چھوڑ دوں۔

میر کی آواز سن کر اس کی جان میں جان آئی۔اس نے ہاتھ منہ سے ہٹایا۔

آپ نے تو میری جان ہی نکال دی تھی۔

اس نے اس سے دور ہوتے کہا۔

"ابھی۔۔۔تو کچھ کیا ہی نہیں۔۔۔۔۔'

اس نے معانی خیزی سے کہا۔میر نے جھک کر اسے اٹھا لیا۔

ٹیرس پر اتارا تو وہ حیران سی اپنے اردگرد دیکھ رہی تھی۔

ٹیرس بہت مہارت سے سجایا گیا تھا۔

روم کی شکل دی گی تھی۔

وائٹ کرٹن۔۔۔وائٹ فلاور۔۔۔کینڈل کی مدھم مدھم روشنی۔۔۔دل کو مسہور کر رہی تھی۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

وہ اردگرد کا جائزہ لینے میں محو تھی۔

آمیر نے پیچھے سے اس کو بانھوں کے گھیرے میں لیا۔

اس کا دل تیز دھڑکا تھا۔

آج اپنے سارے گلے دور کر لو۔"

جو جو شکایات ہے کہہ دو۔یوں دل میں رکھ کر خود کو جلانا اچھا نہیں ہوتا"۔میر نے اس کے کان میں سرگوشی کی

ک۔۔۔کون۔۔۔سی۔۔۔شکایات۔۔۔۔"وہ ہکلائی تھی۔اک تو ماحول خوابناک اوپر سے میر کی' قربت۔۔۔۔۔۔پردیس کی ہواوں میں۔۔۔مجھے کیوں اسطرح سے چھوڑ کر چلی آئی تھی

اگر میں کسی اور کو اپنا لیتا تو؟؟ میر نے اس کو رخ اپنی طرف موڑا تھا۔

”اس کے گلے میں۔۔۔آنسو کا پھندا اٹکا تھا۔۔۔۔”ابھی۔۔۔اپنانے میں۔۔۔کوئی کسر رہ گی تھی؟

۔۔۔۔وہ تنزاً ہنسی تھی۔

وہ چونکا

مطلب؟”میر نے پوچھا تھا۔“”

مطلب یہ ہے اس نے فون پہ اک ویڈیو چلائی تھی”۔“

میر شاکڈ ہوا تھا۔

میں اس دن ملنے آئی تھی۔تا کہ بتا سکوں میری فیملی آپ سے ملنا چاہتی ہے ۔لیکن آپ کسی اور پر جھکے“

”پیار برسا رہے تھے۔

اس نے روتے ہوے کہا تھا

"ایسا کیوں کیا آپ نے بھائی کے ساتھ ؟کیا بگاڑا تھا انہوں نے آپکا؟"

برہان نے لہو رنگ آنکھوں سے ان کو بازوں سے پکڑے جھنجوڑا تھا۔

شروع دن سے آپ کو بھائی پسند نہیں تھے لیکن مجھے یہ نہیں معلوم تھا آپ نفرت میں اس حد تک چلی جاے گئیں۔کہ بھائی اور بھابھی کو جان سے مارنے کی کوشش کی "۔

باہر کھڑی عریشہ کے کان سائیں سائیں کرنے لگ گے تھے۔

ب۔۔بب۔۔۔برہان تم کو اس نے ورگلایا ہے یہ جھوٹا اور مکار ہے"۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

انہوں نے کہا تھا۔

بس مسسز حیدر شاہ اب اک اور لفظ نہیں ورنہ میں بھول جاو گا کہ میرے سامنے میری ماں کھڑی ہے"۔

وہ ڈھاڑا تھا

کوئی اتنی نفرت کیسے کر سکتا ہے"۔

وہ زور سے چلایا تھا۔

عریشہ نے دیوار کا سہارا لیا تھا۔

ہاں کیا ہے میں نے وہ سب لیکن تمہاری محبت میں کیا ہے" وہ بھی چلائی تھیں۔"

یہ۔۔۔یہ کیسی محبت ہے اس نے انکا ہاتھ جھٹکا تھا"۔"

شروع دن سے وہ تمہاری ہر چیز پر قبضہ کر رہا تھا۔"

تمہاری پھپھو اور انکل کی ڈیتھ کے بعد حیدر شاہ اسے ساتھ لے آے تھے۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

تم چار سال کے تھے۔

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

اور یہ آٹھ سال کا اس دن پہلی دفعہ میری اور حیدر شاہ کی لڑائی ہوئی تھی۔

اور پھر ہر روز ایسا ہوتا گیا۔وہ تمہاری ہر چیز شئیر کرتا تھا۔

اس کی وجہ سے تم گرے تھے۔اور حیدر شاہ نے تم پر ہاتھ اٹھایا تھا۔

پھر ہر روز ایسا ہونے لگا وہ جیت کر آتا اور تمہارے پاپا تم کو ذلیل کرنے کا کوئی بھی موقع ہاتھ سے نہیں جانے دیتے تھے۔

بات بات پر وہ اسکی مثال دیتے تھے۔ تمہارا جھکا سر مجھے بہت تکلیف دیتا تھا۔

اس دن میں نے فیصلہ کر لیا تھا اسکو اب میں کہیں کا نہیں چھوڑوں گی۔

میں چاہتی تھی یہ نیہا سے شادی کر لے۔

وہ جس طرح کی لڑکی تھی۔اس کی زندگی اس نے اجیرن کر دینی تھی۔

https://www.classicurdumaterial.com/

وہاں سے بھی یہ بچ گیا۔

Support@classicurdumaterial.com

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

پھر عریشہ والا معاملہ سامنے آیا۔

تو مجھے پتا چلا کہ اس کی جان اس طوطے میں ہے۔

میں چاہتی تھی یہ ایسی زندگی جیے کہ پل پل تڑپے

میں نے عریشہ کا ایکسیڈینٹ کرنا چاہا ۔

اسکی قسمت اچھی تھی ۔وہ اس حادثہ سے بچ نکلی۔

پھر نیہا کے ساتھ مل کر میں نے عریشہ کو سیڑھیوں سے گرانا چاہا۔

لیکن بدقسمتی سے زویا گر گی۔ اور تم لوگوں کا بچہ مر گیا۔

اسکے بعد قاتلانہ حملہ کروایا وہ پھر بھی بچ گی۔

نیہا کے ساتھ مل کر اغوا کا پلین بنایا۔وہ لوگ زویا کو اٹھا کر لے گے۔

عریشہ بربادی کے داہانے پر پہنچی ہی تھی بربادی اسکا مقدر بننے ہی والی تھی کہ تم لوگ وقت پر پہنچ گے۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

پھر مجھے معلوم ہوا کہ عریشہ ماں بننے والی ہے۔

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

میں اک اور حصے دار کیسے آنے دیتی۔مجھے تو میر سے پرابلم تھی۔
کجا کہ اور حصے دار وراثت کا اک اور وارث

وہ لڑکی میں نے ہی اس کو تم سے ملنے کو کہا تھا۔

اور عریشہ کو ملنے کے لیے میں نے ہی ہوٹل میں بھیجا تھا۔

اور میرے ہی اشارہ کرنے پر اس نے دھکا دیا تھا۔جو کہ میر نے مجھے دیکھا بھی تھا۔

اسی دن یہ اس کو گھر سے لے کر نکل گیا تھا۔
اس دن کے فنکشن میں میں نے ہی انابیہ کو فورس کیا تھا کہ عریشہ کو آنے کا کہے۔

میں تو سٹیج پر ہی قصہ تمام کراونہ چاہتی تھی۔

لیکن میر اسے لیے نیچے اتر گیا۔

میں موقعے کی تاک میں تھی۔
جو کہ میر نے سیکیورٹی گارڈ کو ہٹا کر دے دیا تھا۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

پھر سنسان روڈ آتے ہی اس کی گاڑی روکی تھی۔

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

پہلے اس پر گولی چلوائی

اور پھر عریشہ کے بیٹ پر میں اسکی جینے کی وجہ اس سے چھین لینا چاہتی تھی۔

نہ یہ جی سکے اور نہ ہی مر سکے"۔
وہ سیاہ چہرے کے ساتھ سب کہتی چلی گی۔

مسسز حیدر شاہہہہہہ"۔"

برہان نے چلاتے ہاتھ اٹھایا تھا جو کہ سن کھڑے میر نے روک لیا تھا۔

میر نے نفی میں سر ہلایا تھا۔

ب۔۔۔بھائی۔۔۔۔یہ کیسی ماں ہیں؟انہوں نے نفرت میں اندھا ہوکر میرا بچہ مار دیا۔"
قاتل ہے یہ۔اور اب اک اور جان لینے کے در پے تھیں۔ انکی ممتا کہاں جا سوئی تھی۔جو بچہ اس دنیا میں آیا ہی نہیں یہ اس کی دشمن بن بیٹھی تھیں۔ماں کیا ہوتی ہے انکو پتہ ہی نہیں ہے۔'

میر نے روتے تڑپتے برہان کو باہوں کے گھیرے میں لے لیا تھا۔ اک طرف برہان رو رہا تھا تو دوسری طرف میر بے آواز رو رہا تھا۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

برہان جیب سے فون نکلا تھا

میر نے فون جھپٹا تھا۔پولیس کو بلوا رہا تھا۔

آج میر راستے میں کوئی نہیں آے گا۔

برہان ہوش میں آووہ ہماری ماں ہے
اگروہ رشتہ بھول گئیں ہے تم تو یاد رکھو نہ کہ ماں ہے

میر نے اسے سمجھاتے کہا تھا۔

ایسی ماں ہوتی ہے بھائی۔ماں کے نام پر دھبہ ہے۔ایسے ماں سے تو ہم یتیم اچھے تھے۔میرا رب ایسی ماں“ کسی کو نہ دے میں انکو انکے کیے کی سزا دوں گا انہوں نے قتل گیا ہے یہ قاتل۔ہے۔

آج اپنے بیٹے نے یہ کیسا تماچہ مارا تھا انکی روح بلبلا اٹھی تھی۔

وہ لڑکھڑا کر گری تھی۔

اس نے نفرت و حقارت سے کہا تھا۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

آج میں انکو انکے کیے کی سزا دلوا کر ہی رہوں گا۔

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

”نہیں برہان تم ایسا کچھ نہیں کرو گے“

میر نے اسے روکنا چاہا۔

اگر آج کوئی میرے راستے میں آیا تو میرا مرا ہوا منہ دیکھے گا۔

برہان نے جیب سے پسٹل نکال کر لہرایا تھا۔اور ساتھ وارن بھی گیا تھا۔

میر کا ہاتھ اٹھا تھا۔

چٹاخ کی آواز سے پورا کمرا گونج اٹھا تھا۔

یکدم سناٹا چھا گیا تھا۔

برہان فق چہرا لیے ہاتھ چہرے پر رکھے شکوہ کناں آنکھوں سے میر کو دیکھ رہا تھا۔

میر نے آگے بڑھ کر انکو اٹھایا تھا۔انکے گرد بازو پھیلاتے انکو لے کر سڑھیاں چڑھنے لگ گیا۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

عریشہ نے سن وجود لیے اپنےوجود کو گھسیٹا تھا۔

وہ پلر کی آڑ میں جا چھپی تھی۔

میر نے انکو گاڑی میں بٹھایا تھا

انکی گاڑی نکلنے کے بعد وہ بوجھل قدموں سے اس کمرے میں آئی تھی

جہاں برہان ہارا ہوا نیچے بیٹھا ہوا تھا۔

برہان بھائی ”اس نے اسکے کندھے کو ہلایا تھا۔“

ہوں ”اس نے آنسو سے تر چہرا اٹھایا تھا۔“

” گھر چلیں“

وہ خود کو سنبھلتا اٹھا تھا پھر اسکو ادھر دیکھ کر ٹھٹکا تھا۔

لیکن اس وقت وہ کوئی بھی سوال جواب کرنے کی پوزیشن میں نہیں تھا۔

میر انکو تھامے ٹی وی لاونج میں آیا تو حیدر شاہ پریشانی سے ٹہل رہے تھے۔

میر کہا چلے گے تھے مجھے ہوسپٹل سے فون آیا تھا۔کہ تم لوگ ہوسپٹل میں نہیں ہو۔میں کب سے تم دونوں کا نمبر ملا رہا ہوں پر رابطہ نہیں ہو پا رہا تھا۔

انکو کیا ہوا۔اور یہ واپس لکب آئی؟؟”۔“

انہوں نے اپنی بیوی کو ایسی حالت میں دیکھ کر پریشانی سے پوچھا تھا۔

کچھ نہیں پاپاائیر پورٹ سے طواپسی پر اک جھوٹا سا ایکسیڈینٹ ہوگیا تھا انکو کمرے میں لے کر چلیں”۔“

وہ تینوں کمرے میں چلے آے۔

میر نے سائیڈ ٹیبل سے میڈیسن باکس نکالا۔

پانی گلاس میں انڈھیل کر انکی طرف ٹیبلٹ پڑھائی جو انہوں نے نگل لی۔

عریشہ اور برہان گھر آے تھے ۔

وہ اسکے ساتھ اسکے کمرے میں آئی تھی۔

زویا پریشانی سے کمرے میں ٹہل رہی تھی۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

عریشہ تم کہا چلی گی تھی۔میں کب سے تمہارا اور برہان کا نمبر ڈائل کر رہی تھی۔وہ ناٹ ریچ ایبل آ رہا تھا"

وہ۔۔۔وہ بھابھی۔۔۔۔میں ہوسپٹل گی تھی۔شاید سگنل پرابلم ہو گی۔""

"آپ برہان بھائی کو دیکھے انکی طبیعت ٹھیک نہیں ہے"

اس نے میر کی طرف اسکی توجہ دلوائی۔

خود نظریں چراتی باہر نکل آئی

وہ بھی پریشانی سے برہان کی طرف آئی۔

تتے نقوش لہو رنگ آنکھیں۔ڈھلکے کندھے وہ اسکی حالت دیکھ کر گھبرا گی۔

اس نے سہارا دے کر اسکو بیڈ پر بٹھایا تھا۔

اسکے لیے پانی ڈالنے کے لیے مڑی ۔

برہان نے اسے اپنی طرف کھینچا۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

اسکے ساتھ لگتے ہی ڈھاڑے مار مار کر رو پڑا تھا۔

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

زویا دھک رہ گی تھی۔

میر نے دروازہ ناک کیا تھا۔

زویا اک دم سائیڈ پر ہوئی تھی۔

میر کو سامنے دیکھ کر حیران ہوئی تھی۔

زویا چاہے مل سکتی ہے"۔"

اس نے زویا کو کہا تو وہ گردن ہلاتی باہر نکل گی۔

میر نے اسکے جانے کے بعد اسکے پاس بیڈ پر بیٹھنا چاہا۔

وہ اک جھٹکے سے کھڑا ہو گیا۔

میر نے کھڑے ہو کر اسکا رخ اپنی طرف موڑا تھا۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

برہان"اس کی نرم پکار پر وہ اسکے سینے سے جا لگا۔"

پھر جو رویا تو دل کی کثافت دھو ڈالی ۔

"بھائی انہوں نے ایسا کیوں کیا؟"

وہ روتے ہوئے بس اک ہی سوال کر رہا تھا۔

برہان جو ہونا تھا وہ ہو گیا۔اب بس ختم کر دو سب۔وہ ہماری ماں ہے۔اور ماں تو ماں ہوتی ہے چاہے" جیسی بھی ہو۔سارا قصہ ختم آج کے بعد ہمارے درمیان اس بارے میں کوئی بات نہیں ہو گی۔

"سنبھالو خود کو

اس نے اسکا چہرا ہاتھوں میں لے کر کہا تھا۔

چلو اب آرام کرو صبح ملتے ہیں۔کسی قسم کی کوئی بھی ٹینشن لینے کی ضرورت نہیں ہے"۔

میر نے اسکو بیڈ پر بٹھا کر پانی گلاس میں ڈال کر اسکو پلایا۔

"اب آرام کرو"

میر نے مسکراتے کہا تھا۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

زویا دونوں کے لیے چاے بنا کر ٹرے میں رکھ رہی تھی۔

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

"زویا"

میر کے پکارنے پر مڑی تھی۔

"جی بھائی"

اس نے مسکراتے پوچھا۔

زویا برہان کی طبیعت ٹھیک نہیں تم چاے میں نیند کی ٹیبلٹ ملا دو تاکہ وہ سو سکے۔

سیڑھیاں چڑھتا کمرے کی طرف آیا۔

ہینڈل گھما کر کمرے میں قدم رکھتے ہی سامنے کا منظر دیکھتے ہی وہ ٹھٹھکا تھا۔

وہ برق رفتاری سے اس تک آیا تھا۔

اس کے دونوں ہاتھوں کو زور سے اپنی گرفت میں لیا تھا۔

وہ ہذیانی انداز میں اسکی گرفت سے نکلنے کی کوشش کر رہی تھی

بھپھری ہوئی شیرنی بنی ہوئی تھی۔

"مجھے ہاتھ نہیں لگاے۔مجھ سے دور رہے"

"ہنی بتاو تو سہی ہوا کیا ہے؟"

تاسف سے بکھرا کمرا دیکھ رہا تھا۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

بیڈ شیٹ بیڈ پر کم کارپٹ پر پڑی ہوئی تھی۔

ٹوٹے شوپیس جابجا بکھرے اپنی قسمت کو کوس رہے تھے۔

کشن اک یہاں اور اک وہاں بکھرا پڑا تھا۔

وہ اسے زور سے جکڑے کھڑا تھا۔

”مجھے ہوسپٹل میں دیکھنے کیوں نہیں آئی تھی؟“

”آپ نے ایسا کیوں کیا ؟“

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

عریشہ نے روتے ہوے کہا تھا۔

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

”میں نے کیا گیا؟“

اس نے ناسمجھی سے پوچھا

میں نے اس دن آپ کی گلاسز میں اپنے چہرے پر پڑتا سرخ نشان دیکھ لیا تھا”۔“

آپ جان بوجھ کر انکے سامنے کیوں گے؟۔“

اک سو اک طریقہ ہو سکتا تھا اپنے دشمن کو سامنے لانے کا لیکن نہیں آپ کود پڑے اپنی جان کی پرواہ کیے بنا۔

"اگر آپ کو کچھ ہو جاتا تو یہ سوچ کہ ہی میری جان نکلنے لگتی ہے

میر کے اندر باہر سکون سا چھا گیا تھا۔

اسکے اس طرح کے اظہار سے اس کا سارا غصہ جھاگ کی طرف بیٹھا تھا۔

عریشہ نے اسکے دائیں کندھے پر زور سے مکا جڑھا تھا۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

اسکے منہ سے بے ساختہ کراہ نکل گی۔

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

م۔۔میر سوری ۔۔۔۔وہ میرا ایسا کرنے کا کوئی ارادہ نہیں تھا"۔

"اچھاااا تو کیا کرنے کا ارادہ ہے وہ کر لیتے ہیں؟"

عریشہ نے اپنے ہاتھ پر نمی محسوس کی۔

اس نے اپنا ہاتھ اپنے سامنے کیا تو اسکا رنگ اڑا تھا۔

خون سے اسکا ہاتھ رنگا ہوا تھا۔

میر جو مدہوشی میں اسے دیکھتا اس پر جھکنے لگا تھا

اس نے عریشہ کی اڑی رنگت دیکھی۔

""""ہنی تم ٹھیک ہو؟کیا ہوا ہنی؟""

اس نے پریشانی سے استفسار کیا۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

میر خ۔۔۔خ۔۔۔۔خون"اس نے سہمے ہوئے کہا تھا وہ سیدھا ہوا۔"

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

اسکی بلیک شرٹ ہونے کی وجہ سے خون نظر نہیں آ رہا تھا۔

میر نے اسکی ہتھیلی کو دیکھا تھا۔

"میں برہان بھائی کو بلا کر لاتی ہوں وہ آپ کو ہوسپٹل لے کر جاتے ہیں"

اس نے مڑتے کہا تھا۔

میر نے تیزی سے اسکی کلائی پکڑی۔

رہنے دو ریلکیس میں اپنے فرینڈ کو کال کرتا ہوں"۔"

اس کے چہرے پر ہوائیاں اڑی ہوئی تھیں۔

اس نے کال کر کے ڈاکٹر عاصم کو گھر پر بلایا تھا۔

چلو گیسٹ روم میں چلتے ہیں"۔"

گیسٹ روم میں آ کر وہ صوفے پر بیٹھا تھا۔

عریشہ پاس کھڑی تھی۔

میر نے ہاتھ پکڑ کر بٹھایا تھا

میر نے شرٹ اتارنی چاہی بازو ہلانے پر درد کی شدید لہر اٹھی

وہ لب بھینچ گیا۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

عریشہ نے آگے بڑھ کر کانپتے ہاتھوں سے اسکی شرٹ اتارنے میں مدد کی

خون دیکھ کر عریشہ کی سانس اٹکی۔

خون کندھے سے ہوتا پیٹ اور بازو پر بہہ رہا تھا۔

غیر ارادی کیفیت میں پاس بیٹھی عریشہ نے اس کے رخسار پر ہاتھ رکھا تھا

"میر آپ ٹھیک ہیں؟کیا زیادہ درد ہو رہا ہے۔؟"

اسنے بہتے اشکوں سے نم لہجے میں پوچھا تھا۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

وہ عریشہ کو اپنی فکر کرتے دیکھ کر اندر تک شرشار ہو گیا تھا۔

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

وہ ساری تکلیف بھول گیا تھا۔

اس نے اس کا ہاتھ گال سے ہٹا کر لبوں سے لگایا تھا۔

ڈونٹ وری میں ٹھیک ہوں"۔"

انٹر کام پر کال آئی تھی۔

باہر ڈاکٹر عاصم آے تھے۔

اس نے عریشہ کو ادھر سے بھیج دیا تھا۔

"سوری یار اس ٹائم زخمت دی"

اس نے عاصم کو کہا تھا۔

"اتنا فارمل ہونے کی ضرورت نہیں ہے"

اس نے انجکیشن بھر کر لگایا۔سٹیچز نکل گے تھے اس نے لگاے تھے میڈیسن دی۔

ملازم چاے لے آیا۔

چاے پینے کے بعد وہ اسکو خیال رکھنے کا بول کر چلا گیا۔

عریشہ آئی تو میر آنکھیں بند کیے لیٹا ہوا تھا۔

وہ نائٹ بلب آن کرتی آکر بیڈ پر بیٹھ گی ۔

"میر"

اس نے دھیرے سے پکارا۔

"ہوں"

اس نے مندھی آنکھوں سے کہا تھا۔

"مجھے کچھ بات کرنی ہے"

اسکے لہجے میں کچھ ایسا ضرور تھا۔

وہ بے ساختہ اٹھ بیٹھا۔

"کیا بات ہے ؟سب ٹھیک ہے نہ؟"

میر م۔مم۔میں آج ہوسپٹل آپ کو دیکھنے آئی تھی۔"

آپ اور برہان کسی بات پر بحث کر رہے تھے پھر آپ دونوں کو باہر جاتے دیکھا

تو میں بھی آپ کے پیچھے آئی تھی"۔

اس کی بات سن کر میر کو جھٹکا لگا تھا۔

”عریشہ تم“

میر نے کچھ کہنا چاہا تھا۔

”شش“

عریشہ نے اس کے لبوں پر انگلی رکھی تھی۔

اور یہ غیر ارادی طور پر ہوا تھا۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

میر گہری نظروں سے اسے دیکھ رہا تھا۔۔

”میں سب سن چکی ہوں“

اس نے ہاتھ ہٹاتے کہا تھا۔

میر نے آنکھیں بند کر کے کھولی تھی

مما پاپا کی اچانک ایکسیڈینٹ میں ڈیتھ کے بعد حیدر ماموں مجھے اپنے ساتھ لے آے تھے۔“

رشتوں کے ترسے ہوے انسان کو فیملی مل گی تھی۔مجھے اور کچھ نہیں چاہیے تھا۔

مما نے جو بھی کیا اپنے بیٹے کی محبت میں کیا۔ہر ماں باپ چاہتے ہیں انکی اولاد کو سب کچھ ملے۔میں نے ان کو ماں مانا ہے۔اور ماں تو ماں ہوتی ہے نہ چاہے جیسی بھی ہو"۔

اس نے نم آواز میں کہا تھا۔

عریشہ نے آگے بڑھ کر اسے ساتھ لگا لیا تھا۔

اس کو بھی کندھے کی ضرورت تھی۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

پھر جو رویا تو ہر غم آنسو میں بہا دیا تھا۔

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

جب میر کا دل ہلکا ہو گیا تو وہ سیدھا ہوا۔

اس کی آنکھیں سرخ تھیں۔

اس نے نظریں چرائی تھی۔

عریشہ نے بھی آنسو صاف کیے۔

مجھے نیند آ رہی ہے کہتے وہ لیٹا اور ساتھ ہی آنکھیں بند کر لی ۔

عریشہ اس پر جھکی تھی میر نے اسکی طرف آنکھیں کھول کر دیکھا حیران ہوا تھا۔
وہ اس پر جھکی تھوڑی آگے کو ہوئی

لبوں پر رینگتی شرارتی مسکراہٹ لیے سائیڈ ٹیبل سے ٹشو پیپر اٹھا کر پیچھے ہوئی تھی۔

سوووں کرتے ناک صاف کیا تھا۔

میر نا چاہتے ہوئے بھی ہنس دیا تھا۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

"کیاہے؟"میں نے لطیفہ سنایا ہے؟"

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

عریشہ نے مصنوعی خفگی سے کہا تھا۔

تم خود لطیفہ ہو"اس نے قہقہ لگاتے کہا تھا۔"

"ویری فنی"

عریشہ منہ بناتی لیٹ گی۔

کچھ دیر کے بعد عریشہ بولی۔

"""""میر آپ ٹھیک ہے نہ ؟""

"نہیں خراب ہوں۔تم ٹھیک کر دو؟سمیٹ لو مجھے خود میں"

معنی خیزی سے کہتے اس کے نزدیک آیا تھا۔۔
عریشہ کی کانوں کی لو گرم ہو گی تھی۔

چہرا بلش کرنے لگ گیا تھا۔

میر نے اس پر جھکتے لبوں کو قید کیا تھا۔
وہ پھڑ پھڑا کر رہ گی۔

جبکہ اسکی سانس اکھڑ رہی تھی۔
عریشہ نے اسکا ہاتھ زور سے پکڑا تو اسنے سر اٹھا کر اسکو دیکھا۔

عریشہ نے اس کا ہاتھ اٹھا کر اپنے پیٹ پر رکھا تھا۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

آپ بھول رہے ہیں تو یاد کروا دوں میں آل ریڈی آپ کو خود میں سمیٹے ہوے ہوں آپ کے پیار میں حصے دار آ چکے ہیں"۔

عریشہ کی آنکھوں میں شرارت ناچ رہی تھی مزہ لیتی ہنسی تھی۔

میر نے منہ پسورا تھا۔پیچھے ہٹتے لیٹ گیا۔ہنس لو میں سب سود سمیت لوں گا یاد رکھنا

عریشہ نے ہنستے ہوے اسکے سینے پر سر کھا تھا۔

میر نے مسکراتے ہوے اسکو اپنے حصار میں لے لیا تھا۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

ویسے تمہیں ادھر نہیں جانا چاہیے تھا۔"
اگر کچھ غلط ہو جاتا تو؟ نیکسٹ ٹائم کوئی بھی قدم اٹھانے پہلے سوچنا ضرور تم دونوں میرے جینے کی وجہ ہو"

اس نے سمجھاتے ہوے اسکی پیشانی پر لب رکھے تھے ۔

"آپ کے ہوتے ہوے ہمیں کچھ نہیں ہو سکتا"

"میٹھی مرچی"

عریشہ نے سر اٹھا کر اسکے ناک سے ناک رگڑی تھی۔

میر نے اس لقب پر گھورا تھا۔

پہلے آپ ہری مرچی کی طرح لگتے تھے "
لیکن اب آپ میٹھے ہو گے۔ ہری ہٹا کر میٹھی لگا دیا ہے وہ کیا ہے نہ۔ مجھے آپ کا یہ نام بہت پسند ہے سو چینج نہیں کر سکتی "

اس نے بے چارگی سے کہا تھا۔

اس نے گال کھینچا تو دونوں کا قہقہ بے ساختہ تھے

آج بہت دنوں بعد دونوں اک ساتھ تھے اور خوش تھے کھڑکی سے آتی چاندنی نے دونوں کے خوش رہنے کی دعا کی تھی

عریشہ نے اسکے سینے پر سر رکھے آنکھیں موند لی تھی۔

میر نے سوے سوے اسکو اپنے حصار میں لینا چاہا۔
اس نے ہاتھ بڑھایا

وہ بیڈ پر موجود نہیں تھی

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

میر نے آنکھیں کھول کر دیکھا

پھر سامنے لگی گھڑی پر نظر ڈالی
صبح کے پانچ بج رہے تھے۔

وہ گیسٹ روم سے باہر آیا۔

سب اپنے اپنے کمروں میں تھے۔ہر طرف خاموشی کا راج تھا۔

اس نے کمرے میں قدم رکھا۔ہر چیز میں نفاست جھلک رہی تھی۔

وہ جاے نماز پر بیٹھی دعا میں مصروف تھی

وہ مسکراتا فریش ہونے چل دیا۔

واپس آیا تو وہ بیڈ پر ٹیک لگاے بیٹھی ہوئی تھی۔

میر نے نماز کی نیت باندھی۔

وہ بڑھ کر فارغ ہوا

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

وہ ابھی تک اسی پوزیشن میں بیٹھی ہوئی تھی
ڈوبٹے کے ہالے میں اس کا چہرا جگمگا رہا تھا۔

میر مسکراتا اسکے پاس آکر بیٹھ گیا۔

کچھ پل بعد وہ اسکی گود میں سر رکھے لیٹ گیا۔

عریشہ نے اک نظر پلیکں اٹھا کر دیکھا پھر شرما کر پلکوں کی چھلمن گرا لی تھی۔

میر نے اسکا ہاتھ پکڑ کر بالوں پر رکھا۔اسکا ہاتھ پکڑ کر بالوں میں چلایا۔

وہ اس کے بالوں میں انگلیاں چلانے لگی۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

مجھے ادھر اکیلے چھوڑ آئی تھی؟"۔"
میر نے بند آنکھوں سے پوچھا تھا

کافی ٹائم ہوا آنکھ کھل گی تھی دوبارہ نیند نہیں آ رہی تھی تو سوچا جا کر کمرا سمیٹ لوں"۔ "

میر نے کروٹ چینج کی تو میر کا چہرا اسکے پیٹ کی طرف آ گیا۔
گرم سانسیں اسکو پیٹ پر محسوس ہونے لگ گی۔

"کک۔ک۔کیا کر رہے ہے ؟"

اس نے گھبرا کر پوچھا۔

" اپنے بے بی سے ملاقات"

میر نے کہتے اسکے پیٹ پر لب رکھے۔

اس کی ہتھیلی پسینے سے بھیگ گی۔

سانس اٹکی تھی۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

"میر پلیز نہیں کرے نہ ؟"

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

اس نے آنکھیں شرم سے بند کر کے کہا تھا۔

میر کو اسکی حالت مزہ دے رہی تھی۔

چلو میں کچھ نہیں کرتا لیکن پھر تمہیں کچھ کرنا پڑے گا"۔"

میر نے سیدھ لیٹتے چمکتی آنکھوں سے کہا تھا۔

”ک۔کک۔کیا ؟“

اس نے سرخ۔چہرا لیے کہا تھا۔

میر نے اس کی گلے میں لگتی چین کو کھینچا تھا۔

وہ اس کے ساتھ اسکے چہرے پر جھک گی۔

اس کی لٹ کان کے پیچھے سے نکل کر چہرے پر جھولنے لگ گی۔

عریشہ کانپتے لب اس کے لبوں سے مس کرتے اک دم سیدھی ہوئی تھی۔

وہ جو اسکی جھجک کی وجہ سے آنکھیں بند کر چکا تھا۔

اس نے آنکھیں کھول کر دوہائی دی

”یہ یہ چیٹنگ ہے“

”نہیں تو“

عریشہ نے آنکھیں گھوما کر کہا تھا۔

عریشہ نے اسکا سر تکیہ پر رکھا تھا پاس لیٹ گی تھی۔

"تھک گی ہو؟"

میر نے پیار بھرے لہجے میں پوچھا

اس نے گردن ہلائی

وہ بازو کے بل اٹھتا اس پر جھکا۔

اس سے پہلے کہ اسکے لب قید کرتا اسکی جیب میں رکھا فون بج اٹھا۔

وہ منہ بناتا پیچھے ہوا۔

عریشہ کا قہقہ بے ساختہ تھا۔

وہ نمبر دیکھتے چپل اڑستے بالکونی میں آ گیا۔

اوکے میں دیکھتا ہوں۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

وہ  کال بند کرتے کمرے میں آیا۔عریشہ اسکے کپڑے نکال رہی تھی۔

عریشہ نے اسکی ریڈی ہونے میں مدد کی

دونوں باہر نکلنے لگے تو اس نے کہا

"عریشہ اک منٹ میری بات سنو"

اس نے اسکو پاس کرتے کہا تھا۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

"ج۔۔جج۔۔جی"

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

اس نے بوکھلاتے کہا تھا۔

تمہارا مما کے ساتھ رویہ نہیں چینج ہونا چاہیے۔"
"جو میں کہنا چاہ رہا ہوں وہ سمجھ آ رہا ہے نہ؟

اس نے بمشکل گردن ہلائی تھی۔

دونوں اک ساتھ برہان لوگوں کے کمرے میں آے تھے۔

دروازہ ناکڈ کیا۔

تو زویا نے دروازہ کھولا۔

اس کی آنکھیں اور ناک سرخ تھی۔اسکے رونے کی چغلی کر رہی تھی۔

برہان سر جھکائے بیٹھا ہوا تھا۔

"برہان بھائی کیسی طبیعت ہے؟"

عریشہ نے استفسار کیا

"بہتر ہوں"

وہ بمشکل بولا تھا۔

عریشہ جاو ناشتہ تیار کرواو"میر نے کہا تو وہ گردن ہلاتی نکل گی۔"

زویا بھی اسکے پیچھے چلی آئ۔

"برہان بس کرو۔اس طرح ٹینشن لینے سے کیا ہو گا؟"

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

اس نے سرخ آنکھیں اوپر اٹھائی تھی۔

بھائی مجھے سمجھ ہی نہیں آ رہی کہ میں کروں

بھائی آپ کے ساتھ اتنا کچھ ہوتا رہا اور میں بے خبر رہا۔

مسسز حیدر سے زیادہ تو مجھے خود پر غصہ آ رہا ہے۔جس کی ناک کے نیچے ہوتا رہا۔اور مجھے کچھ خبر ہی نہیں ہے میں اک اچھا بھائی نہیں بن پایا۔

لیکن مجھے لگتا ہے میں کچھ بڑا کر گزروں گا"۔

وہ شکستہ حالت میں تھا۔

برہان یار کیا ہو گیا ہے؟"سنبھالو خود کو۔ایسے کیسے چلے گا۔جو بھی ہوا اسے اک برا خواب سمجھ کر بھول جاو"

اس نے پیار سے سمجھایا تھا۔
چلو فریش ہو کر آو۔

اس نے اسکو الماری سے کپڑے نکالتے کہا تھا۔

وہ فریش ہو کر نکلا تو میر ادھر ہی بیٹھا ہوا تھا۔

آج میٹنگ ہے۔تم آف لے لو میں اکیلے ہی اٹینڈ کر لیتا ہوں"۔"

کل جو ہوا وہ اسکے حواس پر اس قدر چھا چکا تھا۔
وہ سب کچھ بھول گیا تھا۔

نہیں بھائی چلیں ساتھ ہی نکلتے ہیں۔دونوں ناشتے کے ٹیبل پر آے۔

بی جان کو سلام کرتے بیٹھ گے عریشہ بیٹھ چکی تھی۔زویا بھی جوس کا جگ رکھتی بیٹھ گی۔

ابھی انہوں نے ناشتہ شروع ہی کیا تھا کہ مما پاپا اک ساتھ ٹیبل پر آے تھے۔
برہان نے ہاتھ میں پکڑا جوس کا گلاس ٹیبل پر پٹخا تھا اک جھٹکے سے کھڑے ہوتے کرسی کو ٹانگ مار کر گرایا تھا۔

سب نے دہل کر اسکی جانب دیکھا تھا۔

وہ ادھر سے نکلتا چلا گیا تھا۔

میر تیزی سے اسکے پیچھے گیا تھا۔

حیدر صاحب نے غصے سے اسے دیکھا تھا۔

"برہان کیا بتمیزی ہے؟"

بھائی میں انکو دیکھتا ہوں تو انگاروں پر لوٹنے لگتا ہوں"۔"

اوکے تم ریڈی ہو جاو پھر ہم ساتھ ہی نکلتے ہیں"۔"

زویا کمرے میں آئی تو برہان بالوں میں ہاتھ پھنسائے بیٹھا تھا۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

"برہان پلیز خود کو سنبھالیں"

زویا نے پریشانی سے کہا تھا۔

عریشہ کو میر نے آواز دی تو وہ کمرے میں چلی آئی ۔

"کیا ڈھونڈ رہے ہیں؟"

اس نے میر کو دیکھا۔

"میرے دل کا سکون کھو گیا تھا اب مل گیا ہے"

میر نے اسکی کمر پر ہاتھ رکھتے اسے قریب کیا تھا۔

اس پر جھکتے اپنے لب اسکے سامنے کیے تھے۔

"جلدی کرو لیٹ ہو رہا ہوں"

میر نے کہا تھا

آاااا"۔"
وہ پیٹ پر ہاتھ رکھ کر چینخی تھی میر بوکھلاتے ہوئے سیدھا ہوا تھا۔

"""کیا ہوا؟"

وہ قہقہ لگاتی اس سے دور ہوئی تھی۔

میر بےوقوف بننے پر بالوں پر ہاتھ پھر کر رہ گیا تھا۔

پھر تیزی سے آگے آتے عریشہ کے بالوں سے کیچر نکال کر اسکے بال خراب کر دیے تھے۔

وہ دانت کچکا کر رہ گی

اسکی پیشانی چومتے باہر نکل گیا۔

"مٹھی مرچی"

وہ مسکرا کر رہ گی۔

میسج کی بیل بجی مسکراتے ہوئے دیکھا۔شام کو تیار رہنا چیک اپ کے لیے جانا ہے چار بجے تک میں آ جاوں گا۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

شام کو وہ آیا تو وہ کمرے میں اندھیرا کیے لیٹی ہوئی تھی۔

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

میر دبے پاوں فریش ہو کر آیا۔ اسکے پاس بیٹھ کر اسکی آنکھوں پر رکھا بازو نرمی سے ہٹایا۔

وہ پریشان ہو گیا

"ہنی کیا ہوا ہے؟"

وہ بس روے جا رہی تھی

”ہنی بتاو تو سہی نہ کیا ہوا ہے کیسی نے کچھ کہا کیا؟؟“

اس نے ہاتھ پکڑ کر بٹھایا تھا۔

میری۔۔۔کمر میں بہت پین ہو رہا ہے”اس نے سوں سوں کرتے بتایا تھا۔“

چلو ڈاکٹر کے پاس چلتے ہیں۔

وہ کچھ دیر پہلے ہی فریش ہو کر بیٹھی تھی۔

لیکن یکدم پین شروع ہو گیا اور وہ لیٹ گی تھی۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

میر نے الماری میں سے اسکی چادر لائی تھی۔

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

اسکو سہارا دے کر اٹھایا تھا۔

بازو کے گھیرے میں لیتے ہوے کمرے سے باہر نکلا۔ٹی وی لاونج خالی پڑا تھا

وہ

ملازمہ کو بتا کر نکل آے۔ میر نے تیزی سےڈرائیو کرتے ہوسپٹل کے سامنے گاڑی روکی ۔

پھر اسکو سہارا دیے ڈاکٹر زارا کے کیبن کی طرف لے کر آیا۔

زارا اسکی حالت دیکھ کر اسکی جانب آئی تھی۔

اسکو بیڈ پر لٹایا تھا۔

میر اسکو تکلیف میں نہیں دیکھ سکتا تھا۔کمرے سے باہر نکل گیا۔

زارا نے چیک اپ کرنے بعد اسکو انجکشن لگایا۔کچھ دیر کے بعد وہ پر سکون ہو گی۔زارا نے اسکو اٹھنے میں ہلیپ دی۔

میر کو کال کر کے کمرے میں بلایا تھا۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

"زارا سب ٹھیک ہے نہ؟"

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

اسکے چہرے پر ہوائیاں اڑی ہوئی تھیں۔

زارا مسکرا دی

"ڈونٹ وری میر سر سب ٹھیک ہے "

ایسی کنڈیشن میں ہوتا رہتا ہے۔

”آج سے لاسٹ منتھ سٹارٹ ہو گیا ہے“

اس نے کچھ میڈیسن لکھ کر دی۔

”زارا بے بی گرل ہے؟ یاں بوائے؟“
میر نے پوچھا تھا۔

اس نے بتانا چاہا تو عریشہ نے آنکھوں سے منع کر دیا۔

سر اپنی وائف سے پوچھے انکو معلوم ہے“اس نے مسکرا کر کہا تھا۔“

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

وہ دونوں اک ساتھ باہر آے تھے۔

عریشہ سرخ چہرا جھکاے چل رہی تھی۔

میر کو سٹاف رک رک کر سلام کر رہا تھا۔

میر نے گاڑی کا دروازہ کھول کر اسکو بٹھایا گھوم کر خود آکر بیٹھا۔

”ڈنر باہر کرے؟“

میر نے کہا تھا۔

"نہیں گھر پر ہی کرتے ہیں"

اس نے منع کر دیا۔

گھر آکر وہ ٹی وی لاونج میں ہی بیٹھ گی۔

انابیہ انکو دیکھ میر کی گود میں آکر بیٹھ گی۔
"میری پرنسسز کیسی ہے؟"

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

"فٹ فاٹ ہوں"

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

برہان ٹائی کی ناٹ ڈھیلی کرتا آیا تھا۔

سامنے سے مما کو آتا دیکھ کر نفرت سے نگاہیں پھیری تھی۔

اور کمرے کی طرف چلا گیا۔
انکی آنکھ سے آنسو نکل کر ہاتھ پر گرا تھا۔

وہ آنسو پیتیں کمرے میں چلیں گی۔

زویا پانی کا گلاس لے کر کمرے میں آئی تھی۔

برہان بیڈ پر آنکھوں پر بازو رکھے لیٹا تھا۔پاوں نیچے کارپٹ پر تھے۔

"برہان پانی پی لیں"

اس کی آواز پر وہ غصے کو دباتا سیدھا ہوا تھا۔

"چاے لاوں ؟"

زویا نے پوچھا تھا۔

برہان نے اسکی طرف دیکھا وہ پریشان تھی۔

اس نے ہاتھ بڑھا کر پاس بٹھایا۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

"دن کیسا گزرا ؟؟"

خود کو نارمل کرتے پوچھا تھا

"اچھا گزرا"

اس نے اسکی طرف دیکھتے کہا تھا

"چلو دن جیسا بھی گزرا رات بہت حسین گزرنے والی ہے"

برہان معنی خیزی سے کہتا اسکی طرف جھکا تھا۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

زویا نے شرما کر اسے پیچھے دھکیلا تھا۔

بھاگتی باہر نکل گی۔

اس کا قہقہ اس نے پیچھے سے سنا تھا۔

وہ باہر آئی تو عریشہ میڈ کی مدد سے کھانا ٹیبل پر لگوا چکی تھی۔

"زویا۔۔۔"

عریشہ نے پکارا لیکن وہ اپنے ہی خیالوں میں کھوئی ہوئی تھی۔

" زویا"

اسنے کندھے پر ہاتھ رکھتے پکارا

"""ہاں؟ تم نے کچھ کہا؟"

اس نے چونکتے کہا تھا۔

"لال گلاب کیوں ہو رہی ہو؟"

"کیوں کہ مجھے لال گلاب بہت پسند ہیں"

برہان نے اسکے کندھے پر ہاتھ رکھتے کہا تھا۔۔

عریشہ بے ساختہ ہنسی تھی۔

"برہان"

زویا نے کہا تھا۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

چلو ڈنر کریں بہت بھوک لگی ہے"۔"

برہان نے ہاتھ پکڑے کہا تھا۔

ڈنر کرنے کے بعد وہ دونوں ٹی وی لاونج میں بیٹھے ہوے تھے

زویا کچن میں تھی۔

عریشہ کو اس نے زبردستی کمرے میں بھیج دیا تھا۔
انابیہ بھی اسی کے ساتھ تھی۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

مما نے ڈنر کمرے میں کیا تھا۔

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

پاپا آے تو انکے پاس ہی بیٹھ گے۔

پاپا ڈنر کر لیں زویا نے آکر کہا تھا۔

میری کسی کلائنٹ کے ساتھ میٹنگ تھی ادھر ہی ڈنر کر لیا تھا۔

"برہان کوئ مسلہ چل رہا ہے صبح کیوں تم نے اتنا مس بی ہیو کیا تھا؟؟"

ان کے سوال کرنے پر دونوں کا رنگ اڑا تھا۔

برہان نے لب کھولے تھے میر نے اسکے ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر دبایا تھا۔

اسے آنکھوں ہی آنکھوں میں منع کیا تھا

”کچھ نہیں میری بات ہوئی ہے اس سے آفس میں کوئی مسلہ چل رہا تھا“

میر نے جواب دیا تھا۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

”ڈونٹ وری بیٹا زندگی میں اتار چڑھاو تو آتے رہتے ہیں“

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

”پاپا چاچو چاچی سے بات ہوئی ؟“

میر نے پوچھا تھا

آج دن میں ہوئی ہے تھوڑے دن تک لوٹ آے گے“۔”

انہوں نے جواب دیا تھا۔

”چلو جا کر تم لوگ بھی آرام کرو۔میں بھی تھک گیا ہوں“

حیدر صاحب نے کہاتھا

"پاپا پھر آپ مانتے ہے نہ کہ آپ بوڑھے ہو چکے ہیں؟"

برہان نے شرارت سے کہا تھا۔

میر اور پاپا ہنس دییے تھے۔

ابھی نہیں برخودار ابھی تو میں نے تم دونوں کے بچوں کے ساتھ کھیلنا ہے۔ انکے ساتھ زندگی کے پل جینے ہیں۔انکی شادیوں میں بھنگڑے ڈالنے ہیں پھر بعد میں سوچوں گا کہ بوڑھا ہو گیا ہوں کہ نہیں؟"

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

انہوں نے جزبات سے پور لہجے میں کہا تھا۔

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

میر نے ہنستے قہقہ لگاتے برہان کی طرف دیکھا تھا۔
وہ ہنس تو رہا تھا لیکن اس کی آنکھیں اس کا ساتھ نہیں دے رہی تھیں۔

پاپا کمرے میں چلے گے۔

"برہان چلو واک پر چلتے ہیں"

میر نے کہتے کندھے پر شال درست تھی۔

دونوں چلتے ہوئے لان میں چلے آئے۔

کچھ پل خاموش چلتے رہے تھے۔

"برہان کیا چھپا رہے ہو؟"

میر نے اسکے سامنے رک کر کہا تھا۔

""ک۔۔۔کیا چھپایا؟"

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

"تم دونوں میں سب کچھ ٹھیک ہے نہ؟"

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

جی بھائی سب ٹھیک ہے"۔"

"ادھر میری طرف دیکھو"

"زویا کے ساتھ ہوئے حادثے کے بعد رپورٹ ٹھیک آئی تھی؟"

میر کے سوال کرنے پر اسکا رنگ اڑا تھا۔

"بھائی وہ۔۔۔وہ۔۔۔۔"

برہان کو سمجھ نہیں آ رہی تھی کہ وہ کیا بولے۔

"برہان جو صحیح ہے وہ بتاو؟"

اس کی آنکھ سے آنسو بہہ نکلا تھا۔

اس نے بے بسی سے آنکھیں بند کی تھی۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

میر شاکڈ ہوا تھا۔

برہان ۔۔۔میر نے کندھے پر ہاتھ رکھا تھا۔

" بھائی زویا اب کبھی ماں نہیں بن پاے گی"

کھٹکے کی آواز پر دونوں نے مڑ کر دیکھا تھا عریشہ اور زویا دونوں فق چہرا لیے کھڑی تھیں۔

عریشہ جو میر کا ویٹ کر رہی تھی وہ کمرے میں نہیں آ رہا تھا عریشہ اسکو دیکھنے باہر آئی تھی۔

زویا نے بتایا کہ وہ واک پر گے ہیں۔عریشہ کو گھٹن سی ہو رہی تھی تو زویا بھی اسکے ساتھ ہی باہر آگی تھی۔

لیکن انکو بات کرتے دیکھ کر دونوں رک گی۔

لیکن جو کچھ برہان نے کہا تھا۔

انکے پاوں کے نیچے سے زمین نکل گی تھی۔

زویا روتی ہوئی کمرے میں چلی گی تھی۔

"زویا۔۔۔زویا میری۔۔بات۔۔۔"

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

برہان کہتے پیچھے بھاگا تھا۔

عریشہ کو میر نے سہارا دے کر لان میں رکھی کرسی پر بٹھایا تھا۔

دونوں خاموش تھے

"عریشہ"

میر نے پکارا

"ہوں؟"

عریشہ نے چونک کر اسکی طرف دیکھا۔

"کمرے میں چلیں؟"

میر نے کہتے اسکی طرف ہاتھ بڑھایا تھا۔

اس نے آہستہ سے تھام لیا تھا۔

https://www.classicurdumaterial.com/

میڈ انابیہ کو بی جان کے کمرے میں چھوڑ کر آئی تھی

Support@classicurdumaterial.com

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

دونوں خاموشی سے لیٹ گے تھے۔

عریشہ نے پاس آتے اسکے شانے پر سر رکھا تھا اسکو عادت ہو گی تھی ایسے سونے کی۔

میر نے اسکے بالوں پر بوسہ دیتے اپنے حصار میں لے لیا تھا۔

برہان کمرے میں آیا تو زویا کمبل اوڑھے لیٹی ہوئی تھی۔

برہان نائٹ بلب آن کرتے دوسری سائیڈ پر لیٹ گیا۔

ہاتھ بڑھا کر اسے کھینچتے خود میں بھینچ لیا تھا۔

”جب غم سانجھا ہے تو ساتھ میں رو لینا چاہیے“

دونوں پھر جو روے تو روتے چلے گے تھے۔

کافی دیر کے بعد برہان نے اسکا چہرا اوپر اٹھایا تھا۔
بس اب اور نہیں۔مجھے اپنے رب پر پورا بھروسہ ہے اس پر یقین رکھو۔وہ جلد یاں دیر ہمیں اس نعمت“ سے ضرور نوازے گا”۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

اس نے روتے ہوے گردن ہلا دی۔
برہان نے سائیڈ چینج کی تو وہ نیچے ہو گی۔

برہان اوپر آ گیا۔زویا نے اسکی گردن کے گرد بازو حمائل کر دیے تھے۔

اور وہ اس پر جھکتا اپنا پیار نچھاور کرنے لگ گیا۔

صبح کے وقت عریشہ نے میر کاڈریس سلیکٹ کر کے رکھا وہ شاور لے کر نکلا تھا۔
وہ ریڈی ہوا تو عریشہ ٹائی لیے آگے آے۔

وہ اسکی گہری نظریں خود پر محسوس کرتی سرخ پڑی تھی۔

میر نے کمر پر ہاتھ رکھتے قریب کا تھا اسکا ہاتھ رک گیا۔

"میررررر"

"جی جانِ میر"
میر نے اس پر جھکتے کہا تھا۔

"کیا ہے؟"

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

عریشہ نے چڑ کر پوچھا تھا

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

"صبح ہے ہنی اور کیا ہےاور میرا دل پتہ کیا چاہا رہا ہے؟"

اس نے پاس ہوتے سرگوشی کی تھی۔

عریشہ کو پسینہ آگیا تھا اک دم سے چہرے پر گلال بکھرا تھا۔

"ک۔کک۔کیا؟"

عریشہ نے اٹکتے پوچھا تھا۔

آج میں قیمہ پراٹھا کھاوں گا"۔"

اس نے من موہنی سی صورت دل میں اتارتے کہا تھا۔

اس نے پٹ سے آنکھیں کھول کر دیکھا تھا۔

"میرر"

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

اس نے اسکے شانے پر مکا چڑا تھا

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

"آااا"

میر چینخا تھا۔

سو۔۔۔سوری میر پتہ نہیں یہ کیسے ہو جاتا ہے"۔"

اس نے پریشانی سے کہا تھا

میر ہنستا ہوا دور ہوا تھا

عریشہ نے بیڈ سے کشن اٹھا کر اسکی طرف پھینکا تھا۔

اس نے کیچ کیا تھا

تم جا کر تیار کراو میں تب تک سٹڈی روم میں اک کیس سٹڈی کر لوں"۔وہ پیار سے اسکی پیشانی پر لب رکھتے کمرے سے چلا گیا۔

صبح زویا اٹھی تو نو بج رہے تھے۔

وہ تیزی سے ڈریس لیتی میں شاور لینے چلی گی

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

برہان اٹھ جاے اس نے گیلے بالوں کو ہاتھ سے پیچھے کرتے اس پر جھکتے کہا تھا۔

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

برہان نے مندھی۔آنکھوں سے اس کی کلائی پکڑ کر اسے اپنے طرف کھینچا تھا۔

برہان چھوڑے نہ پلیز پہلے ہی کافی لیٹ ہو گے۔

برہان نے پیار بھری گستاخی کی۔

پھر اسکو چھوڑ دیا تھا۔

وہ بھی اٹھ کر شاور لینے چلا گیا۔

ریڈی ہو کر باہر آے تھے۔

سلام کرتے ٹیبل تک آے۔

" واہ آج تو قیمہ پراٹھے بنے ہیں"

برہان نے بیٹھتے کہا تھا۔

عریشہ بنا رہی تھی۔جبکہ پاپا اور میر پراٹھوں کے ساتھ انصاف کر رہے تھے۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

ہاں برہان تم لیٹ ہو گے۔بہت ٹیسٹی ہیں۔بڑی بہو کی ہاتھ کے تو اکثر ملتے ہی رہتے ہیں آج چھوٹی بہو" کے ہاتھ کے کھانے کو مل رہے ہیں
پاپا نے کہا تھا

"ارے واہ۔۔۔مزہ آ گیا"

برہان نے پہلا نوالہ منہ میں رکھتے کہا تھا۔

"آج سے پہلے اتنے مزادار نہیں کھاے"

اس نے زویا کو چڑاتے کہا تھا۔

زویا نے چڑ کر برہان کے پاوں پر زور سے پاوں مارا تھا وہ کراہ کررہ گیا تھا۔

میر جو کہ جوس پی رہا تھا دونوں کی حرکت دیکھ کر اچھوکا لگ گیا۔

میر ہنستا ہوا لوٹ پوٹ ہو رہا تھا۔

وہ بے چارہ چپ چاپ ناشتہ کرنے لگ گیا۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

کل رات کو جو بات برہان نے میر کو بتائی تھی۔

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

مما بھی اس وقت کھڑکی کی ریلنگ میں کھڑی تھی وہ بھی سن چکیں تھیں

وہ اس وقت سے شاکڈ میں تھی۔

جو کچھ وہ میر کے لیے کرنا چاہا رہی تھی آج انکی اولاد کے ساتھ ہو گیا تھا۔

وہ اس ذات کو بھول کر خود سب کرنے چلی تھی۔

وہ اپنی ہی نظروں میں گر چکی تھی۔

میر کی خاموشی میں انکو سب سے بڑی سزا لگ رہی تھی۔

بھلے اس نے زبان سے کچھ نہیں کہا تھا۔

لیکن اسکا دل تو دکھا تھا نہ اور دلوں میں بسنے والا اللہ بڑا بے نیاز ہے

وہ اپنے کیے پر پچھتا رہی تھیں۔

https://www.classicurdumaterial.com/

انکی اولاد نے ان سے منہ پھیر لیا تھا۔

Support@classicurdumaterial.com

برہان کا نفرت آمیز رویہ انکی سزا ہی تو تھی۔

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

روتے روتے نیچے بیٹھتی چلی گی تھی۔

سب کچھ کرکے بھی تہی دامن رہ گی تھی۔

اک دم انکے دل میں خیال آیا تھا۔

وہ اٹھتی واش روم کی جانب چلی گئیں تھیں

عرصہ ہوا وہ نماز چھوڑ چکیں تھیں۔

لیکن آج وہ وضو کیے اپنے پیدا کرنے والے کے روبرو تھیں"
جھکی گردن آنسو سے تر چہرا نماز پڑھ کر انہوں نے دعا کے لیے ہاتھ اٹھاے تھے اک دفع انکی روح
"کانپی تھی۔

شام کے وقت عریشہ زویا کے ساتھ کچن میں مصروف تھی

میر نے بہت بار اسکے نمبر پر ٹرائی کیا تھا۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

لیکن وہ کال پک نہیں کر رہی تھی۔

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

میر نے بریسلیٹ والا کیمرا آن کیا۔

وہ کچن میں مصروف تھی۔

میر رات کو گھر آیا تو عریشہ کمرے میں فریش ہونے کے لیے آئی تھی۔

ڈوبٹہ بیڈ پر پڑا تھا وہ گیلے بالوں کو سمیٹ رہی تھی۔

وہ دبے پاوں پاس آیا تھا۔

آکر پیچھے سے اپنے حصار میں لیا تھا۔

اس نے چونک کر آئینے میں دیکھا تھا۔

میر نے اک ہاتھ سے بالوں کا جوڑا کھول دیے تھے ساتھ ہی بال ہٹا کر اسکی گردن پر لب رکھے تھے۔

اس نے پیٹ پر رکھے میر کے ہاتھ پر اپنی گرفت مضبوط کی تھی

اس نے رخ موڑ کر اپنی طرف کیا تھا۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

میں جب جب تم کو دیکھتا ہوں مجھے ہر بار تم سے عشق ہوتا ہے۔

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

وہ شدت سے بھرپور لہجے میں اسکو اپنے جزبات کا احساس دلوا رہا تھا۔

میر نے اسکی جھجھک سمجھ لی تھی۔

پیچھے مڑتے ڈوبٹہ اٹھا کر اسے اوڑھیا تھا۔

"کہیں باہر چلیں"

میر نے سینے سے لگائے پوچھا تھا۔

"نہیں۔مجھے نہیں جانا۔آپ میری حالت دیکھ رہے ہیں؟"

اسنے اپنے سراپے کی طرف اشارہ کیا تھا۔

تم ہر حال میں خوبصورت ہو چاہے اور موٹی ہو جاو"۔"

میر یہ تعریف تھی"وہ خفگی سے کہتے پیچھے ہوئی تھی۔"

"جانِ میرمیں تو تعریف اپنے طریقے سے کرنا چاہتا ہوں ۔ابھی نہ موقع ہے نہ دستور"

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

اس نے شرارت سے کہا تھا۔

وہ سرخ چہرا لیے اسکے کشادہ سینے میں منہ چھپا گی تھی۔

"ڈنر پر چلیں "

میر نے پوچھا تھا

میر کافی لیٹ ہوگے ہیں"رہنے دے"

چلو نہ پلیز"۔"

میر اسکو لے کر جانا چاہتا

اسکی خواہش دیکھتے ہوے وہ مان گی تھی۔

اس نے بالوں کو سمیٹا تھا۔میر فریش اپ ہو کر آیا تھا۔

وہ کندھے پر چادر پھیلاتی باہر آ گی۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

برہان اور میر کا پلین تھا دونوں کو ساتھ لے کر جانے کا زویا اور برہان بھی اپنے کمرے سے ریڈی ہو کر نکل رہے تھے۔

برہان نے ڈرائیونگ سیٹ سنبھالی اور زویا فرنٹ پر بیٹھ گی

عریشہ اور میر دونوں پیچھے بیٹھ گے۔

دونوں نے الگ الگ ٹیبل ریز رو کروا ے تھے۔

میر اسکو بانہوں کے گھیرے میں لیے دھیرے دھیرے چل رہا تھا۔

بہت سے لوگ انکو ستائش بھری نظروں سے دیکھ رہے تھے

برہان اور زویا بھی جا کر بیٹھے تو کھانا آرڈر کیا۔

"زویا تم ٹھیک ہو نہ کل جو بھی ہوا؟"

میر نے اسکا ہاتھ تھامتے کہا تھا۔

"ڈونٹ وری برہان رات میں آپ نے ہی کہا تھا۔اپنے رب پر بھروسہ رکھو۔مجھے اب بھی اسی پر بھروسہ ہے۔وہ قدرِ مطلق ہے۔بہترین کار ساز ہے ہر چیز اسکی مٹھی میں ہے۔وہ جب چاہے جس کو چاہے عطا کر سکتا ہے"

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

اس کے پرسکون لہجے پر وہ بھی پرسکون ہو گیا تھا۔

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

"کچھ بھی ہو تم میرے لیے بہت اہم ہو تم سے میری سانسیں جڑی ہیں"۔

زویا اسکے اسطرح اقرار کرنے پر دل و جان سے خوش ہو گی تھی۔

میر نے کرسی کھینچ کر اسے سہارا دے کر بٹھایا تھا۔

میر نے اسکے ساتھ والی کرسی بیٹھنے کے لیے سلیکٹ کی تھی

"اچھا لگ رہا ہے؟ نہیں تو ہم کہیں اور بھی جا سکتے ہیں"

میر نے اسکی طبیعت کی وجہ سے پوچھا تھا۔

"میر میں ٹھیک ہوں"

"ہنی"

عریشہ نے اسکے اس طرح سے پکارنے پر دیکھا تھا۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

"تم نے مجھے ہمارے بے بی کے بارے میں نہیں بتایا"

عریشہ تو بھول گی تھی لیکن میر کو تو تجسس تھا۔

ویٹر کھانا سرو کر گیا تھا دونوں سیدھے ہو کر بیٹھے تھے۔

وہ عریشہ کے بولنے کا ویٹ کر رہا تھا۔لیکن عریشہ نے کچھ نہیں کہا تھا۔

ڈنر کر کے گھر آنے کے بعد میر چینج کر کے لیٹ گیا۔

عریشہ اور زویا کچھ ڈسکس کرنے رک گئیں تھیں۔

وہ ویٹ کر رہا تھا۔

وہ چینج کرنے کے بعد ہاتھوں کو لوشن لگا رہی تھی میر نے ہاتھ بڑھا کر پاس لٹا لیا تھا۔

"میر"

عریشہ نے خفگی سے کہا تھا۔

"بتاو نہ؟"

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

میر نے اسکے چہرے پر ہاتھ پھیرتے پوچھا تھا۔

"کیا۔۔۔؟"

اس نے جان بوجھ کر انجان بنتے پوچھا تھا۔

"ہنی۔۔۔" "تم بتا رہی ہو کہ نہیں؟"

عریشہ نے ہاتھ کے اشارے سے پاس آنے کو کہا تھا۔

"سرپرائز ہے"

وہ جھکا تو عریشہ نے اسکے کان میں سرگوشی کی تھی۔

اسکے مسکراتے لب سمٹے تھے۔

اک دم سے پیچھے ہوتے کروٹ بدلی تھی۔

میر ۔۔۔میری بات تو سنیں نہ میر۔۔۔۔اس نے کندھا ہلاتے کہا تھا"۔"

لیکن وہ اسی طرح لیٹا رہا۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

اس نے اسکو سیدھا کرنا چاہا وہ خفگی سے سیدھا ہو گیا تھا۔

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

عریشہ اسکے بازو پر سر رکھ کر لیٹ گی۔

اسکا دوسرا بازو بھی اپنے گرد پھیلایا تھا۔

وہ تھوڑا تنگ کر کے اسکو بتانے کا ارادہ رکھتی تھی۔

تھکاوٹ کی وجہ سے جلد ہی نیند کی آغوش میں چلی گی۔

میر ویٹ کرتا ہی رہ گیا تھا

عریشہ کی آنکھ کھلی تو میر کہیں جانے کے لیے ریڈی ہو رہا تھا۔

گڈ مارننگ میر”اس نے اٹھ کر پاس آتے کہا تھا میر نے غصے سے اسکا ہاتھ جھٹکا تھا۔“

عریشہ رات والی بات بھول چکی تھی۔

”کہیں جا رہے ہیں؟“

ہاں پندرہ دن کے لیے آوٹ آف سٹی جا رہا ہوں ۔

اس نے گھڑی بند کرتے کہا تھا۔

اتنے دن اس سے دور رہنا عریشہ کے دل کو کچھ ہوا تھا۔

”میر پلیز نہیں جاے رک جائیں نہ ۔میر پلیز“

اس نے آنکھوں میں آنسو لیے کہا تھا۔

”ہنی سمجھنے کی کوشش کروجانا بہت ضروری ہے“

اس نے اس کی پیشانی چومتے کہا تھا۔

میر ”عریشہ نے پیچھے سے جا کر اسکو جکڑا تھا“

اس نے رک کر دیکھا تھا۔

”جانا بہت ضروری ہے؟مجھے کچھ بھی اچھا نہیں لگ رہا۔رک جاے پلیز“

” ہنی سمجھنے کی کوشش کرو۔ڈیوٹی از ڈیوٹی“

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

اس نے کہتے اسکا حصار توڑا تھا۔

وہ چلا گیا تھا عریشہ بیڈ پر بیٹھ گی۔

اسکا دل گھبرا رہا تھا۔

زویا کا دل متلایا تھا۔وہ منہ پر ہاتھ رکھتی واش بیسن کی طرف دوڑی تھی۔

برہان بھی پریشانی سے پیچھے آیا تھا۔

وہ منہ پر پانی کے کے چھینٹے مارتی سیدھی ہوئی۔

برہان نے اسکو سہارا دے کر کمرے میں لایا تھا۔

بیڈ پر بٹھاکر روم فریج سے جوس نکال کر اسکو دیا تھا۔
برہان نے گلاس پکڑ کر سائیڈ ٹیبل پر رکھا تھا

"طبیعت زیادہ خراب ہے تو ڈاکٹر کے پاس لے کر چلیں؟"

برہان نے اسکو ساتھ لگاتے کہا تھا۔

"نہیں برہان رات کو باہر سے کھانا کھایا تھا شاید اسی وجہ سے فوڈ پوائزنگ ہو گی ہے میں ٹھیک ہوں"

اس نے ساتھ لگے کہا تھا۔

دروازہ ناکڈ ہوا تو وہ تیزی سے دور ہوے۔

دروازے پر میڈ تھی۔

میڈم سب ناشتے کی ٹیبل پر آپ کا ویٹ کر رہے ہیں۔

زویا اور برہان اک ساتھ باہر آے تھے سب کو سلام کرتے بیٹھنے لگی۔

"زویا شام کو ریڈی رہنا بی جان کے چیک اپ کے لیے جانا ہے"
برہان نے ناشتہ کرتے کہا تھا۔

"اچھا"

"پاپا شام کا کیا شیڈول ہے؟"

برہان نے پوچھا۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

"برہان رات کو نو بجے اک میٹنگ ہے ۔کیوں کوئی کام ہے ؟"

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

انہوں نے بتاتے ہوے پوچھا تھا۔چلے رات کو بات ہو گی۔

برہان نے پیپر سے ہاتھ صاف کرتے کہا تھا۔

عریشہ نے بے دلی سے ناشتہ کیا تھا۔کمرے میں گی تو اسکا فون بج رہا تھا۔

مما کا فون تھا۔

" مما"

وہ بہت دکھی تھی میر نے جانے انجانے میں اسے ہرٹ کر دیا تھا۔

اسکی ایسی کنڈیشن تھی میر کو کم از کم ایسے اسکو اکیلے چھوڑ کر نہیں جانا چاہیے تھا۔

"کیا ہوا میری جان طبیعت ٹھیک ہے نہ؟کچھ ہوا ہے کیا"

وہ سمندر پار بیٹھی بھی اسکا دکھ محسوس کر چکی تھی

"ج۔۔جی مما سب ٹھیک ہے"

عریشہ نے خود کو ڈپٹتے کچھ کہنے سے روکا تھا۔

عریشہ نے پاپا کا پوچھ کر اور کچھ ادھر ادھر کی باتیں کر کے فون بند کر دیا تھا۔

لیکن انکو پتہ چل گیا تھا کہ وہ پریشان ہے انہوں نے اس کے پاپا کو سیٹ بک کروانے کے لیے کہا تھا۔باے چانس شام کی سیٹ مل گی تھی۔

انہوں نے میر کو بتا دیا تھا۔

میر نے ڈرائیور کو کال کر دی تھی کہ وہ انکو رات میں پک کر لے۔

زویا اور بی جان کو برہان پک کرنے آیا تھا۔

وہ عریشہ کو کمرے میں بتانے آئی تھی۔

کہ وہ لوگ ہوسپٹل جا رہے ہیں اس نے کھانا بنا دیا ہے۔

اسے کچن میں جانے کی کوئی ضرورت نہیں۔
انکے جانے کے بعد وہ ٹی وی لاونج میں آکر بیٹھ گی۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

عریشہ ٹی وی لاونج میں بیٹھی ہوئی تھی

"مماجھ کہیں باہر لے کر چلیں"

انابیہ نے آکر اسکا ہاتھ پکڑ کر کہا تھا۔

" انا پھر کبھی چلیں گے ابھی میری طبیعت نہیں ٹھیک"

اس نے رسانیت سے کہا تھا۔

”مما پلیز ابھی چلیں نہ میں بور ہو رہی ہوں۔پلیز پلیز پلیز۔۔۔“

وہ باہر جانے کی ضد کر رہی تھی۔

مماٹی وی لاونج سے گزر کر کچن میں جا رہی تھی جب دونوں کو بات کرتے سنا۔عریشہ نے بھی مڑ کر دیکھا تھا۔

”انابیہ بیٹا آو دادو لے کر چلتیں ہیں“

انہوں نے پاس آتے رک کر کہا تھا۔

عریشہ نے حیران ہوتے انکی طرف دیکھا تھا۔

”میں انابیہ کو لے جاوں باہر؟“

انہوں نے جھکی نگاہوں سے پوچھا تھا۔

عریشہ شش و پنج میں پڑ گی تھی۔

اس نے بمشکل اجازت دی تھی

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

"لیں جاۓ"

وہ دونوں چلی گئیں

رات کے آٹھ بج رہے تھے ۔

عریشہ فون کو ہاتھ میں پکڑے بے صبری سے میر کی کال کا انتظار کر رہی تھی۔

"میڈم آج میں گھر چلی جاوں؟"

عریشہ نے بے دھیانی میں ہی گردن ہلا دی تھی۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

عریشہ نے تنگ آ کر میر کے نمبر پر کال ملائی۔

کال اسکے سیکٹری نے پک کی۔

"میر سر کدھر ہیں"

اس نے چونک کر پوچھا تھا

میڈم ہم اس ٹائم آبائی حویلی میں ہیں سر کہیں باہر نکلے ہیں واپس آتے ہیں تو آپ کو کال بیک کرتے ہیں

اسکے کان سائیں سائیں کرنے لگ گے تھے۔

مطلب میر نے مجھے جھوٹ کہا تھا۔

وہ صبح سے ٹینشن میں تھی سوچ سوچ کر ہلکان ہوے جا رہی تھی۔

تین سے چار گھنٹے لگ سکتے تھے ادھر سے گاوں جاتے ہوے۔

اس نے غصے سے چادر لی۔فون کو دبوچتے ہوے باہر آئی تھی۔

https://www.classicurdumaterial.com/
